رسالہ طب موسوم بہ

آئینہ حیات

جسمین اصول حفظان صحت + ویکسی نیشن یعنی ٹیکا لگانیکی
قواعد و فوائد + اور چیدہ و مجرب نسخہ جات انگریزی
ویونانی علیحدہ علیحدہ مختلف امراض کے درج ہین-

مصنفہ و مؤلفہ
فقیر پنڈت بشمبر ناتھ عرف مٹو
کلارک دفتر صاحب سیول سرجن پشاور

سنہ ۱۸۹۳ء

در مطبع مجتبائی لاہور باہتمام میان عبداللہ المعروف و ملک ہیرا طبع شد

قیمت فی جلد ۸/

انڈکس یعنے فہرست کتاب آئینہ حیات

نمبر شمار صفحہ	نام مرض اور اوسکا علاج
اول —	تعریف واقسام علم طب
۲ سے ۱۸ تک	حفظ صحت کے اصول
۱۹ —	مزاج کے بیان مین
۲۰ —	تعریف مرض
۲۱ سے ۲۲ تک	اسباب الامراض وعلامات
۲۳	دوران خون
۲۴	فہرست نبض کی مختلف عمر عورت ومردین وآلات تنفس
۲۵	تعداد حرکات تنفس معہ نقشہ وکلینکل تھرمامیٹری یعنی حرارت شناسی طب مین
۲۶	ترکیب حرارت شناسی کی
۲۷ سے ۳۱ تک	طریق استعمال کلنیکل تھرمامیٹر ونقشہ اوزان ادویہ مطابق عمر
۳۲ سے ۳۴ تک	فارمیسی یعنی دواسازی کی اصطلاحین
۳۵ سے ۳۸ تک	اپے ڈیمکس یعنی وبائی بیماریون کا مختصر احوال ومختصر تدابیر روکنے کے لئے
۳۹ سے ۴۵ تک	مرض ہیضہ اور اوسکے دفعیہ کی تدابیر وعلاج
۴۶ سے ۶۰ تک	چیچک اور قواعد ویکسینیشن یعنی ٹیکا لگانیکا دستور العمل وغیرہ مفصل طریق پر
۶۱ سے ۶۴ تک	فیور یعنی بخار کا انگریزی علاج
۶۴ سے ۶۸ تک	ایضاً ایضاً کا یونانی علاج

نام مرض اور اوسکا علاج	نمبر شمار صفحہ
کاف یعنے کھانسی کا انگریزی علاج	۶۸ سے ۷۱ تک
ایضاً کا یونانی علاج	۷۲ سے ۷۴ تک
کٹار یعنی زکام کا انگریزی علاج	۷۴ سے ۷۵ تک
ایضاً کا یونانی علاج	۷۵ سے ۷۷ تک
ڈاریا یعنی اسہال کا انگریزی علاج	۷۷ سے ۷۸ تک
ایضاً کا یونانی علاج	۷۹ سے ۸۲ تک
ڈی سنٹری کا انگریزی علاج	۸۲ سے ۸۳ تک
ایضاً کا یونانی علاج	۸۳ سے ۸۴ تک
کان سٹے پے شن یعنے قبض کا انگریزی علاج	۸۴ سے ۸۹ تک
ایضاً کا یونانی علاج	۸۹ سے ۹۰ تک
ڈس پیپ شیا یعنی بدہضمی کا انگریزی علاج	۹۰ سے ۹۴ تک
ایضاً ایضاً کا یونانی علاج	۹۴ سے ۹۵ تک
کالک یعنے قولنج کا انگریزی علاج	۹۶ ـ
ایضاً ایضاً کا یونانی علاج	۹۶ سے ۹۷ تک
ورمس یعنے کرم شکم کا انگریزی علاج	۹۸ سے ۱۰۰ تک
ایضاً ایضاً کا یونانی علاج	۱۰۰ سے ۱۰۱ تک
پائیلس یعنے بواسیر کا انگریزی علاج	۱۰۲ ـ
ایضاً ایضاً کا یونانی علاج	۱۰۲ سے ۱۰۴ تک
پلوریسی یعنے ذات الجنب کا انگریزی علاج	۱۰۴ ـ
ایضاً ایضاً کا یونانی علاج	۱۰۵ سے ۱۰۶ تک
گنوریا یعنی سوزاک کا انگریزی علاج	۱۰۶ سے ۱۰۷ تک
ایضاً ایضاً کا یونانی علاج	۱۰۸ سے ۱۱۰ تک
سفلس یعنے آتشک کا انگریزی علاج	۱۱۰ سے ۱۱۲ تک

نمبر شمار صفحہ	نام مرض اور اوسکا علاج
۱۱۲ سے ۱۱۹ تک	سفلس یعنے آتشک کا یونانی علاج
۱۱۹ سے ۱۲۱ تک	مس ٹرے لے شن یعنی جلق اور ام پوٹنسی یعنی نامردی اور اسپرمے ٹوریا یعنی جریان منی کا انگریزی علاج
۱۲۱ سے ۱۲۸ تک	نامردی وجلق وجریان منی وضعف باہ وغیرہ کا یونانی علاج
۱۲۸ سے ۱۲۹ تک	ایمی نیوریا یعنی قلت یا عدم حیض کا انگریزی علاج
۱۳۰ سے ۱۳۱ تک	منوجیا یعنی طمث الحیض کا انگریزی علاج
۱۳۱ سے ۱۳۲ تک	حمل گرانیکا یونانی علاج
۱۳۲ سے ۱۳۳ تک	سیلان طمث کا یونانی علاج
۱۳۴ سے ۱۳۵ تک	احتباس حیض یعنی بند ہوجانا خون حیض کا یونانی علاج
۱۳۵ سے ۱۳۶ تک	جانڈس یعنے یرقان کا انگریزی علاج
۱۳۶ سے ۱۳۹ تک	ایضاً ایضاً یونانی علاج
۱۳۹ سے ۱۴۵ تک	نسخہ جات مجرب انگریزی مختلف امراض کے لئے
۱۴۵ سے ۱۴۶ تک	ایپس ٹک سس یعنے نکسیر کا انگریزی علاج
۱۴۶ ـ	ایضاً ایضاً کا یونانی علاج
۱۴۶ سے ۱۵۸ تک	نسخہ جات مجرب یونانی مختلف امراض کے لئے
۱۵۸ سے ۱۶۴ تک	نسخہ جات جلاب انگریزی
۱۶۴ سے ۱۶۶ تک	نسخہ جات مسہل انگریزی
۱۶۷ ـ	انجکشن یعنے پچکاری یا حقنہ
۱۶۸ سے ۱۷۱ تک	ای میٹک واکسپک ٹوریںٹ یعنی مقئی و

نام مرض اور اوسکا علاج	نمبر شمار صفحہ
ودافع بلغم ادویات انگریزی	۱۶۸ سے ۱۷۱ تک
ناٹک یعنے نیند آور ادویات انگریزی	۱۷۲ سے ۱۷۴ تک
ڈای یوریٹک وڈایافوریٹک یعنے پیشاب اور پسینہ آور ادویات انگریزی	۱۷۵ سے ۱۷۷ تک
غرغرہ انگریزی گارگلس وانہیلیشنس	۱۷۸
لوشنس ولینی منٹس	۱۷۹ سے ۱۸۲ تک
آینٹمنٹس یعنے مرہم ہاے انگریزی	۱۸۳ سے ۱۸۶ تک
مرہم ہاے یونانی مجرب	۱۸۷ سے ۱۹۰ تک
تاریخ وخاتمہ کتاب	۱۹۱ سے ۱۹۲ تک

گر قبول افتد زہے عز و شرف

نذر

بعالیخدمت جناب سرجن ایچ ہینڈلی

صاحب سیول سرجن بہادر ضلع پشاور

یہ کمترین فقیر پنڈت بشمبر ناتھہ عرف مٹو کلرک دفتر انگریزی صاحب سیول سرجن پشاور نہایت ادب کے ساتھہ اِس کتاب طب یعنے رسالۂ آئینۂ حیات کو بتقریب روز مبارک کرسمس آپکی خدمت عالیہ حضرت میں بطور نذر کے پیش کرتا ہے ۔ فقط

اُوم تت ست

حمد بیحد اُوس حکیم علی الاطلاق یعنے پرمیشور سرب شکتیمان سرشٹی کرتا کا ہے کہ جسنے اپنی حکمت شاملہ و قدرت کاملہ سے اِس جگت کو بنایا۔ آکاش سے پرتھوی تک تمام آفرینش کو باقاعدہ اپنے قانونِ قدرت پر چلایا۔ اور انسان ضعیف البنیان کو اپنی بیحد کرپا و دیالتا سے اشرف و افضل مخلوقات بناکر سرافرازی بخشی۔ اور اُسکی مدار حیات و مناطِ ممات صحت اور مرض کو قرار دیا۔ اور حفظِ صحت حاصلہ اور اعادۂ تندرستی زائلہ کے لئے اعادۂ اغذیہ و ادویہ اور اقسام اقسام کی جڑی بوٹیاں وغیرہ کو ایجاد کیا۔ شرح اسباب قدرتِ کاملۂ قادر ذوالجلال کی قوتِ ناطقہ سے محال ہے۔ اور حوصلہ تحریر کا اس دفترِ نامتناہی سے تنگ ہونا سراسر زیبا ہے۔ عرش سے فرش تک تمام موجودات لیل و نہار اوسکی اپار مہمان کے گنانوادگائین کر رہے ہین ٭

یہ فقیر پُرتقصیر بھی اُس پرم پتا کرپالو پر پورا بھروسہ کرتا ہے کہ وہ دیالو آنند سکھہ سروپ اپنے فضل و کرمِ لاانتہا سے اس کتاب کی تالیف و تکمیل مین جو محض نیک نیتی سے مفید عام و خاص سمجھکر شروع کی گئی ہے تمام مشکلات وغیرہ کو آسان فرمادے۔ اور مریضان حاجتمند کو جو اسکے نسخہ جات خلوص قلبی سے استعمال کرین شفائے کلی بخشے۔ آمین ٭

در تعریف گورنمنٹ عالیہ

تواریخِ متقدمین کی سیر و مطالعہ سے بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ جملہ علوم و فنون مثلاً علمِ حکمت طبابت علم کیمیا علم نجوم علم موسیقی

علم اخلاق وغیرہ وغیرہ اسی آریہ ورت کے حصہ مین آئے ہوئے تہے - اور یہ پرکاش محض ویدون ہی کی بدولت تہا - مگر شومی طالع وگردش زمانہ ناہنجار سے جب جنگ وجدل کے باعث امن وچین روز بروز تنزل ہوتا گیا - اور علما وفضلا نابود ہوتے گئے - اور آیندہ اُنکی قدردانی کی طرف کسیکو توجہ نہ ہوئی تو یہہ فضیلت وکمالیت بہی جو فخر دینے والی آریہ ورت کی تہی عنقا ہو گئی - اب ہمکو شکر ایزدی سر بسجود ہوکر بجا لانا اور خوش نصیب گننا چاہیے - کہ جب سے عہد حکومت گورنمنٹ عالیہ کا ہمارے سر پر تابان ودرخشان ہوا ہے شیر اور بکری ایک گھاٹ پر پانی پیتے ہین - کسی زبردست کی طاقت نہین جو زیردست کو ستاوے یا کسی قسم کی بیرحمی کا حوصلہ پاوے - خصوص ہمکو اپنی مادر مہربان جنابہ ملکہ معظمہ قیصر ہند دام اقبالہم کا شکریہ تہ دل سے ادا کئے بغیر نہ رہنا چاہیے کہ جنکی عنایات بیغایات سے اس ملک کو انواع انواع کے لابہہ حاصل ہوئے - یعنی حضور ممدوحہ نے بصرف زرکثیر جابجا ہمارے فوایدو آسائش کے لئے دار العلوم دار الشفا - صیغہ حفظان صحت - عدالتین وغیرہ وغیرہ جاری فرما رکھے ہین تاکہ بلاتکلیف ہر گروہ مستفید ہوکر قدر ومنزلت پاوے اور عیش وآسائش سے زندگی بسر کرے - خداوند کریم ایسی عادل ومنصف گورنمنٹ کو تا طلوع آفتاب ومہتاب ہمیشہ سلامت رکھے آمین +

سببِ تالیفِ کتاب

ارباب دانش وبینش کی خدمت مین مخفی نہ رہے کہ یہ خاکسار ذرہ بے مقدار فقیر پنڈت کشمیر ناتہہ عرف متھو خلف پنڈت تابرام صاحب مرحوم ومغفور متھو متوطن خطۂ کشمیر جسکو جنت نظیر کہتے ہین سے - عرصہ تخمیناً بارہ ۱۲ سال تک بزمرۂ ملازمان ونمکخواران

حضور پرنور عالیجناب سری مہاراجہ دھراج عالیجناب سری مہاراجہ رنبیر سنگھ
صاحب بہادر مرحوم و مغفور والی جموں و کشمیر کہ جنکے عہد حکومت مین علما و فضلا
کی بڑی قدردانی ہوا کرتی تھی مختلف خدمات معقول پر سرافراز رہا -
ازان بعد سال ۱۸۸۹ء سے آجتک صیغہ مڈیکل یعنی ڈاکٹری مین بعہدہ کلارک
دفتر انگریزی صاحب سیول سرجن بہادر پشاور متقرر رہے - اس عرصہ
مذکورہ بالا مین بباعث حصول وفور شفقت و محبت ڈاکٹر صاحبان و حکمائے
یونانی شوق مطالعہ کتب طب انگریزی و یونانی روز افزون ہوتا گیا
چونکہ شومی طالع سے کوئی اولاد نہین ہوئی کہ پیچھے نام لیوا اور پانی دیوا ہو
بلکہ اسی غم و الم مین المخانہ اس گنہگار کی عین عالم شباب مین رحلت کرکے
عالم جاودانی ہوکر داغ مفارقت ابدی دکھلا گئی - پس خیال ہر وقت
دامنگیر ہوا کہ ضرور کوئی نسخہ کتاب ترتیب و تالیف کی جاوے کہ جس سے
ابنائے جنس فائدہ اوٹھاوین - اور صفحہ ہستی پر یادگار دایم قایم رہے
لہذا شکر ایزدی تہ دل سے بجالاتا ہون کہ یہ رسالہ موسومہ بہ
آئینہ حیات موافق خواہش کے اس ہیچمدان سے سرانجام
پایا - اب ناظرین اس رسالہ سے بصد منت التماس کرتا ہون
کہ اس ہیچمدان کو واقعی ہیچمدان جانکر مورد طعن و تشنیع نفرماوین بلکہ
خطائین اور لغزشین اس رسالے کی اصلاح فرماکر مؤلف کو ممنون
فرماوین **بقول** - بپوشش گر بخطائے رسی و طعنہ مزن * کہ ہیچ
نفس بشر خالی از خطا نبود **س** آدمی از سہو و خطا پاک نیست
آب روان بے خس و خاشاک نیست * دوران تحریر مذامین اور
ایک بزرگ کا بیت یاد آیا جو فرماتے ہین **بیت** سخن را اگر بدانی
اندکے کن * یکے را صد مکن صد را یکے کن - اسلیے مناسب معلوم ہوتا ہے
کہ اب خیالات اپنے کو اختصار دون مگر قبل اسکے کہ اس مضمون کو ختم
کرون اس موقعہ پر مجھکو اپنے مہربان دوست مرزا غلام قادر صاحب
محررشتۂ صاحب سیول سرجن بہادر پشاور خلف مرزا غلام جیلانی صاحب

کاتب پشاوری کا بھی تہ دلسی شکریہ ادا کرنا چاہیئے کہ جنہوں نے وفورِ محبت اور شفقت قلبی سے مجھکو پوری پوری امداد دی ہے - ونیز اس رسالے کی ترتیب و تکمیل میں بہت سا حصہ اپنے بیش بہا وقت کا میری خاطر عطا فرمایا - اور میرے حوصلے کو بڑھایا - اسلیئے دست بدعا ہوں کہ خداوند کریم ایسے رفیق و شفیق دوستان و محبان کو ہمیشہ سلامت باکرامت رکھے - آمین یا رب العالمین فقط

قطعہ تاریخ وفات خجستہ صفات زوجۂ جناب شفقت انتساب مرحمت اکتساب قدردانِ ہنرمندان مہربان سراپا جود و احسان مشفق گرامی بابو پنڈت بشمبر ناتھ صاحب علو المناصب سمو المناقب دام اقبالہٗ

آہ و فسوس و صد دریغ حیرت و حسرت ست بس
بانوئے بابوئے زمان رخت ببست زین جہان

از رہِ خُلق خوش سلوک داشت بہ نیک و بد مدام
خلق نمودہ ماتمش از غم و درد بیکران

چونکہ زد بیر در حق کرد بدید بندگی
رسم ہنود می نمود بر طبق گذشتگان

پانزدھم جولائی است ۹۶ سنۂ ثمانیہ
روز دوشنبہ بود کو داد رُوان و شد روان

شیون و نوحہ ہا نمود از بس و درد غمش
ہر کہ شنید قصۂ حادثہ زا ے جان ستان

عہدِ شباب او شتاب گشت حباب روئی آب
بود بہ سن بست ۲۹ و نہ رفت چو از جہانِ فان

ہر در کبریائے حق ہیچ اجابتش نہ شد
بہر عطائے نسل نیک کرد دعا چو سائلان

در چمن امید او تازہ نہ شد نہال کام
تا لب مرگ بر دلش داغ بماند لالہ سان

جائے بہ شکر بخشش حق ز تفضلات خویش
کرد پرستش خدا در شب و روز جاودان

وائے بحال شوہرش گوہر او بخاک شد
گرد و غبار تعزیت ریخت بفرق خود ازان

زوجۂ اینچنین سعید کہ ہم آیدش بعمر
تابع حکم زوج خود بہ ہمہ وقت وکل آن

پنڈت بشمبر ناتھ جی سوخت در آتش الم
نوحہ و نالہ آتشش رسید تا بہ سپہر از فغان

خود ہمہ ذی حیات را راہ ممات دیدنیست
خفت بخاک مرد و زن طفل و پیر و نوجوان

چند بخواب بیہودہ بندۂ غافل از جواب
بر سر شرک دنیوی عمر خویش بلوی دوان

از پئے سال بکرمی کرد خیال پور نجم
فوت شدی بمرض دق گفت سروش ناگہان

سمت ۱۹۴۶

راقمہ و ناظمہ و مؤرخہ کمترین فیروز الدین پشاوری المتخلص بہ پور نجم
غفر اللہ لہما

تعریف واقسام علم طب

علم طب جاننا اُن قاعدون کا ہے جنسے احوال بدن انسان کا ازروئی صحت
و مرض کے پہچانا جاتا ہے - اور نیز جنسے کہ صحت موجودہ محفوظ اور صحت غیر موجودہ
حاصل کیجاوے - اسلئے تاوقتیکہ صحت کی حالت اور اوسکے قایم رکھنے کی ماہیت سے
بخوبی واقفیت نہو - صحت کا استقلال بسا محال اور خیلے دشوار ہے -

صحت قایم رکھنے کے لئے کم ازکم پانچ خصلتین ضروری ہونی چاہئین -

اول[۱] قوانین طب خود جانتا ہو یا طبیب کی اطاعت کرے -

دوم[۲] مقدور ہو کہ ماکول و مشروب بہتر و صالح استعمال کرے -

سوم[۳] ذی اختیار ہو کہ ہر چیز کو اوسکے وقت پہ استعمال کرسکتا ہو -

چہارم[۴] بخیل اور تنگدل نہو -

پنجم[۵] خواہش نفسانی پر حریص نہو -

علم طب کی دو قسمین ہین - اول نظری دوئم عملی -

نظری وہ ہے کہ اوس سے ایسا علم حاصل ہو کہ کیفیت عمل سے متعلق نہو -

عملی وہ ہے کہ اوس سے ایسا علم حاصل ہو کہ اوسکو کیفیت عمل سے علاقہ ہو -

جاننا چاہئے کہ صحت اوس حالت کا نام ہے - جسمین اعضائے رئیسہ اپنا اپنا کام
باقاعدہ کرتے ہین - جب کسی بے احتیاطی یا بدپرہیزی سے خلل واقع ہو تو اُسکو
مرض کہتے ہین - چونکہ صحت مین فتور مختلف مزاجون مختلف عمر مرد و زن موسم
جائے سکونت غذا آب و ہوا پیشہ اور عادت طریقہ گذران وغیرہ کے باعث
ظہور مین آتا ہے - اسلئے محافظت صحت کی خاطر حفظ صحت کے دس اصول
ذیل مین درج کئے جاتے ہین جنپر کہ حتی الامکان ہر ایک انسان کو زیادہ تر خیال
رکھنا ضروری ہے -

حفظ صحت کے اصول

جو علم صحت کے قایمی کے اصول سکھاتا ہے اوسکو انگریزی مین ہائی جین
کہتے ہین - ہر ایک بنی انسان کے لئے لازمی اور فرض ہے کہ امن اور چین سے
زندگی بسر ہونیکے لئے حفظ صحت کے دس اصولونکو بخوبی سیکھے اور اون پر عامل
ہونیکے لئے ہر وقت وہر لحظہ دلی خیال مبذول رکھے - بقول تندرستی ہزار نعمت ہے
یہ اصول دس ہین یعنی ہوا پانی خوراک خواب لباس ورزش
محنت دماغ غسل استفراغ مکان مختصر طور پر ہر ایک کی
تشریح کیجاتی ہے -

اول ہوا - اگرچہ یہ ہر وقت اور ہر مقام پر موجود ہے - الا دیکھنے مین نہین آتی
چونکہ اسکے بغیر زیست نہایت محال اور جینا دشوار ہے اسلئے لازم ومناسب ہے کہ
صبح وشام تازہ تازہ ہوا مین کم از کم ایک میل تک آہستہ آہستہ قدم کشی کیجاوے
سیلاب دار زمین - قصاب خانہ - چمرنگ - دیگر - بوسیدہ تالاب - یا چھپڑ -
قبرستان - اور غلاظت کے ڈھیرون وغیرہ کے نزدیک رہنا بالکل مضر صحت ہے
جہانتک ممکن ہو مکانات سکنی - گلی - کوچون کو خوب صاف اور ستھرا رکھا جاوے
تاکہ ہوا خراب نہو - ہوا کے خراب ہونے سے ہی عموماً مختلف قسم کی بیماریان
ظہور مین آتی ہین -

جہان کہین ہوا کثیف ہو اور اوسکی عفونت کو دور کرنا منظور ہو تو دافع عفونت
ادویات جنکو انگریزی مین ڈس انفکٹنٹس کہتے ہین استعمال کرنی چاہئین
یہہ ڈس انفکٹنٹس ادویات اپنی تاثیر سے ہوا کی اون کثافتون کو جو مضر صحت ہین
یا تو پیدا ہی نہین ہونے دیتین اور اگر کسی قسم کی کثافت پیدا ہوکر ہوا مین ملگئی ہو تو
اوسکی تاثیر کو زائل کرکے ہوا کو درست کر دیتی ہین - یہہ بھی واضح رہے کہ یہ ادویات
خالی ہوا کے درست کرنیکے کام مین ہی نہین آتین - بلکہ وبائی امراض کے روکنے یا متعدی
مریضون کے کپڑون اور کمرون وغیرہ کے صاف کرنیکے لئے بھی مستعمل ہوتی ہین -
یہ ادویات تین قسم کی منجمد یعنی سالڈ - رقیق یعنی لکوڈ - اور ہوا کی مانند

یعنی گیشیس اس ہوتی ہین -

سالڈ یعنی منجمد ادویات کوئلہ خشک مٹی چونا وغیرہ ہین -

کوئلہ عموماً ہر جگہ اور ہر ایک فرد بشر کو دستیاب ہو سکتا ہے - اور ہوا کی کئی عفونتین اپنے مسامون مین جذب کر کے ہوا کو صاف اور ستھرا کرتا ہے - ان کوئلون کو ایک ٹوکری مین ڈالکر کمرہ کے کسی گوشہ مین رکھنے یا چھت پر لٹکا دینے سے اُس کمرہ کی ہوا بالکل صاف ہو جاتی ہے - مگر یاد رہے کہ کوئلے ان بجھے ہونے چاہئین یعنی جنپر پانی وغیرہ نہ ڈالا گیا ہو -

خشک مٹی اگرچہ کوئلے سے کم تاثیر رکھتی ہے - مگر دافع عفونت ہے - اور چونکہ ہر شخص کو مفت مل سکتی ہے - اسلئے لازم ہے کہ یہہ خشک مٹی پاخانہ وغیرہ عفونت دار جگہون پر ڈالی جایا کرے تاکہ بدبو پیدا نہو -

چونا ان بجھا چونا عمدہ ڈس ان فک ٹنٹ ہے - یہہ بھی اپنے مسامون کے ذریعہ ہوا مین سے کاربانک ایسڈ گاس - سلفیوریٹڈ ہائیڈروگاس جذب کر کے ہوا کو درست کر دیتا ہے - پاخانجات یا بول و براز پر ڈالنے سے وہان کی عفونت کو بالکل دور کر دیتا ہے - مکانات کی دیوارون وغیرہ پر چونے کی سفیدی کرنے سے عفونت اور چھوٹے چھوٹے کرم جو پیدا ہوتے ہین سب مر جاتے ہین -

لیکوڈ یعنی رقیق ڈس انفک ٹنٹ

کاربالک ایسڈ - اسکو چالیس یا پچاس حصہ گرم پانی مین ملا کر زخم وغیرہ دھونے کے کام مین لایا کرتے ہین - کمرہ مین چھڑکنے کے لئے لوشن کو استعمال کیا کرتے ہین کپڑے عفونت دار دھونے کے لئے اس لوشن کو ایک سو یا دو سو حصہ کی طاقت کا بنا لینا چاہئے -

پرکلورائیڈ آف مرکری - یعنی رس کپور - سب سے عمدہ اور ارزان اینٹی سپٹک دوائی ہے - اور فی زمانہ اسکا بہت استعمال کیا جاتا ہے -

زخم وغیرہ کے دھونے کے لئے اسکے لوشن کی طاقت $\frac{1}{500}$ حصہ ہونی چاہئے - الا کپڑے عفونت دار دھونے کے لئے $\frac{1}{2000}$ حصہ کی طاقت کا لوشن کام دیسکتا ہے -

چونکہ مدت تک پڑا رہنے سے خراب ہو جاتا ہے - اسلئے لوشن بناتے وقت لوشن مین کھانیکا نمک - گلیسرین - ایمونیا کلورائیڈ یعنی نوشادر ملانا چاہئے -

کلورائیڈ آف زنک بھی عمدہ دوائی دافع عفونت ہے - زخمون کے لئے چالیس گرین فی اونس کی طاقت کا لوشن کام مین لانا چاہیے -

بورئیسک ایسڈ - آیوڈین - یوکے لپٹس آیل - آیوڈو فارم ٹرپن ٹاین - فی نایل بھی ڈس انفک ٹنٹ اور ان ٹی سپٹک ادویات مین -

کاہی مٹی کو پانی مین حل کرکے اسکے عرق کو اگر چھڑکا جاوے تو یہہ بھی ایک عمدہ دافع عفونت دوائی ہے - آٹھہ حصہ کاہی مٹی اور ایک حصہ کاربالک ایسڈ اُسمین ملاکر تین گیلن پانی مین حل کرنے سے کیڑون - پاخانجات اور دیوار دنکے لئے عُمدہ اور ارزان دافع عفونت دوائی بن جاویگی

کیمسی اس ڈس انفک ٹنٹ
یعنی ہوا کی طرح دافع عفونت ادویات

کلورین اور آیوڈین ادویات عمدہ چیزین مین - الا بہت گران قیمت مین - کوئیلون کی تیز آگ پر پسیا ہوا نمک ڈالنے سے کلورین ہوا خارج ہوتی ہے ایک شیشی مین ایک حصہ سندھور - چار حصہ نمک - اور ۱۰ حصہ پانی ڈالین اور اس شیشی کو کاگ سے بند کرکے خوب ہلاوین - اور ہلاتی دفعہ اسمین بتدریج چار حصہ گندھک کا تیزاب ڈالین - اِس طریق سے بھی کلورین ہوا پیدا ہوگی -

گندھک کا دہوان یعنی سلفیورس ایسڈ گاس ہے - اسکو جلانے سے بھی ہوا صاف ہوتی ہے - لیکن انسانون مین جلانے سے اسکا دہوان کھانسی اور آشوب چشمان پیدا کر دیتا ہے - ایکہزار مکعب فیٹ جگہ کے لئے ۳ چھٹانک گندھک کافی ہے - اگر گندھک اچھی نہو تو اوسپر تہوڑا سا مٹی کا تیل احتیاط سے ڈالنا چاہئے تاکہ اچھی طرح سے جل اوٹھے -

سرکہ کو گرم گرم لوہے یا گرم اینٹ پر ڈالنے سے جو انجرے نکلتے ہین وہ بھی دافع عفونت ہین -

پانی

پانی بہی ایک ایسی چیز ہے کہ اسکے بغیر انسان کا گذارہ نہین چل سکتا ہے — یہہ پانی کھانے۔ پکانے۔ نہانے۔ کپڑے۔ بدرو وغیرہ کے دہونے اور دیگر کئی کامون مین آتا ہے — مصفا پانی کی بہی ویسی ضرورت ہے — جیسی مصفا ہوا کی بیان کی گئی ہے —

عمدہ پانی۔ شفاف — بے رنگ — بے بو — اور بے ذایقہ ہوتا ہے — اسمین کوئی غیر جنس تیرتی ہوئی نظر نہین آتی — انسان کو کئی جگہہ سے پانی بہم پہونچتا ہے — مثلاً بارش۔ تالاب — کنووون — نہر — دریا — چشمہ وغیرہ —

بارش کا پانی اور پانیون کی نسبت صحت بخش صاف اور خوش ذایقہ ہوتا ہے — بشرطیکہ یہہ پانی زمین پر گرنے سے پہلے ہی اکٹھا کر لیا جاوے —

جہیڑون یا تالابون کے پانی — جن ملکون یا شہرون وغیرہ کے باشندگان کی گذران جہیڑون یا تالابون کے پانی سے ہے — انکو لازمی ہے کہ صحت کے قایم رکھنے کے لئے مفصلہ ذیل باتون کا بہت خیال رکہین —

(۱) اُس جگہہ پر جس زمین کا پانی بہکر تالابون مین آتا ہے — نہ بول براز خود وہان کیا کرین — نہ لوگون کو کرنے دین — بلکہ اُس زمین کو صاف اور ستہرا رکھنا چاہئے

(۲) کسی حالتمین اُس میدان مین مردار جانور یا اُنکی ہڈیان یا دیگر کسی قسم کی غلاظتین نہ رہنی چاہئین —

(۳) قبرستان اور مرگہٹ کے دہون کا پانی تالابون مین نہ جانے دینا چاہئے کیونکہ ان جگہونکی زمین مین کئی قسم کی اس گے نک کثافتین ہوتی ہین — جو پانی بہتا ہوا اپنے مین حل کر لیجاتا ہے — اور مضر صحت پڑتا ہے —

(۴) نہانے کے تالاب اور پینے کے تالاب علیحدہ علیحدہ ہونے چاہئین —

(۵) اگر کسی شہر یا قصبہ مین صرف ایک ہی تالاب ہے تو اوسمین نہانا یا کپڑا دہونا ہرگز نہ چاہئے — بلکہ دیگر حیوانات کے نہانے یا پینے وغیرہ کے لئے پانی کو تالاب سے برتن مین بہر کر تالاب کے حد سے باہر ایسے طریق سے استعمال کرین کہ وہ پانی بہہ لوٹ کر تالاب مین نہ آسکے — کیونکہ عموماً حیوانات کا قاعدہ ہے کہ پانی پیکر وہان

بول براز کر دیتے ہین —
(۶) تالاب جتنے گہرے یا عمیق ہون اوتنا ہی اچھا ہے کیونکہ اسطرح پانی کم ذائقہ ہوتا ہے
(۷) تالابون مین مچھلی یا کچھوے کا ہونا ضروری ہے — کیونکہ ان چیزون سے پانی کی کئی قسم کی خرابیان دور ہوجاتی ہین — مچھلیان چھوٹے چھوٹے کیڑون کو کھاجاتی ہین اور پانی صاف ستھرا ہوجاتا ہے —
(۸) پینے والے تالابون پر دھوبیون کے کپڑے دھونا بھی مضر صحت ہے — کیونکہ ان کپڑون کی غلاظت ملکر پانی کو مضر صحت کر دیتی ہے —
(۹) اگر ممکن ہو تو تالابون مین نہر سے پانی لانا چاہئے — کیونکہ نہر کا پانی بہر کیف سطح زمین کی دہون سے اچھا ہوگا — اور بڑے بڑے بند ہونے چاہئین —
(۱۰) شہر کی بدررو یا گندے پانی کی نالی کو کسی صورت مین تالاب کے درمیان یا تالاب کے نزدیک ختم نہ ہونا چاہئے — کیونکہ بدررو کے تالاب کے نزدیک ہی ہونے سے بدررو مین سے کئی قسم کی غلاظتین زمین کو طے کرکے تالاب کے پانی مین جاملینگی —
(۱۱) اگر ممکن ہو تو دو چار سال کے بعد تالاب کی گار یعنی تہ نشین ہوئی ہوئی گندی اور کثیف مٹی نکلوا دینی چاہئے تاکہ پانی صاف اور ستھرا رہے —
(۱۲) جن شہر کے یا گانون کے باشندگان کا گذارہ صرف تالاب کے پانی پر ہی ہے اونکو لازم ہے کہ جسطرح ہوسکے تالاب کے کنارے سے دو چار گز کے فاصلہ پر زمین مین کنوان کہودکر اوس کنوین سے پانی پیوین — اس طریق سے اوس تالاب کا پانی زمین سے گذر کر اوس کنوین مین پہونچیگا — اور تالاب کی نسبت قدرے صاف ہوجائیگا اور پینے والے جونکون وغیرہ کی آفت سے رہائی پاوینگے —
کنوین — جہان کہین کنوون سے ہی پانی پینے کے لئے لیا جاتا ہے — وہان کے باشندگان کے لئے لازم ہے کہ مفصلہ ذیل امورات کا خیال رکھین — تاکہ پانی صاف اور ستھرا رہے —
۱ — کنوین کی نزدیک جائے ضرور اور بدررو گندی نہ ہونی چاہئے —
۲ — کنوین کے گرد نواح کی زمین کو صاف رکھنا چاہئے — اوس جگہ کیچڑ جمع نہ ہونے پاوے —

۳ - کنوین کے متصل روڑی وغیرہ کے ڈہیر نہ ہونے چاہئین -
۴ - کنوین کے نزدیک والی نالیون کو ہر وقت صاف اور ستہرا رکھنا چاہیئے -
۵ - کنوؤن کے نزدیک قصابون - ڈہگیرون - چمرنگ - وغیرہ لوگون کی دوکانین نہین چاہئین - اگر کہین ایسی قباحتین موجود ہون تو حفظ صحت کی غرض سے اُس کنوین کو فوراً متروک کر دینا چاہیئے -
۶ - کنوؤن کے نزدیک ہرگز میلے کپڑے نہین دہونے چاہئین - اور نہ نہانا چاہیئے -
۷ - کنوؤن کے چبوترے ہمیشہ باہر کیطرف ڈہلوان بنانے چاہیئے - اور سطح زمین سے کسیقدر اونچے ہونے چاہئین -
۸ - کنوؤن کے اندر پہول یا درخت کے پتے وغیرہ اشیاء ہرگز نہین ڈالنی چاہئین جیساکہ عموماً ہندو لوگ پہینکا کرتے ہین - ان اشیاسے پانی بالکل گندہ ہوجاتا ھے اور مضر صحت ھے -
۹ - پانی نکالنے کے وقت کنوؤن مین مٹی آلودہ یا گندہ برتن یارسی نہین ڈالنی چاہیئے -
۱۰ - کنوؤن کے اندر دیوار مین جالے یا موریان نہین رکھنی چاہئین جیساکہ عموماً اُترنے چڑہنے کی آسایش کے لئے رکھی جاتی ہین - انہین اکثر اوقات پرندے اپنے گہونسلے بناتے ہین - اور گہاس پہوس پہینکتے ہین - علاوہ بران اُن کے بچے بہی گاہ گاہے گر کر مرجاتے ہین جنسے پانی گندہ اور مضر صحت ہوجاتا ہے -
۱۱ - ہر سال یا دو سال کے بعد ضرور ہی کنوؤن کو گار اور ٹوٹے ہوئے ظروف نکال کر صاف ستہرا کہوانا چاہیئے - اگر ایسا نہوگا تو پانی عفونت دار ہوجاویگا -
چشمہ - اکثر پہاڑے ملک کے شہرون کے لوگ چشمون کا پانی استعمال کرتے ہین - چشمون مین بہی کنوؤن کی طرح بارش کا پانی آتا ھے - چشمون کے پانی کی صفائی وغیرہ کے لئے بہی وہی احتیاط ضروری ہین جن کا ذکر اوپر کنوؤن کے بیان مین کیا گیا ھے -
نہرین - و دریائے - کئی شہرون کا گذارہ نہرون اور دریاؤن کے پانی پر ہی ہوتا ھے - دریاؤن کا پانی بہ نسبت نہرون کے زیادہ قدرخراب ہوتا ھے

کیونکہ اُن شہروں کے (جو برلبِ دریا ے واقع ہیں) بدرروکا دہوں — اور کارخانوں کی غلاظتیں وغیرہ ڈہل کر دریا میں جاملتی ہیں — خاص کر موسم برسات میں مٹی وغیرہ — اور دیگر غلاظتوں کے باعث جو بارشوں کے ذریعہ سطح زمین سے ڈہل کر دریا میں آملتی ہیں — پانی اور بہی گندلا ہوجاتا ہے — اسواسطے دریا کا پانی استعمال کرنے میں خاص کر جبکہ دریا طغیانی پر ہو نہایت ہی احتیاط رکھنی چاہئے — اور اگر پانی کی اشد ضرورت ہو تو دریا کا پانی پینے سے پہلے اسکو کسیقدر عرصہ تک رکھہ چہوڑنا چاہئے کہ تمام مٹی وغیرہ تہ نشین ہوجاوے — اور پہر استعمال کیاجاوے —

اِمپیوریٹیز آف واٹر — یعنی پانی کی نجاستیں —

پانی میں دو قسم کی نجاستیں ہوتی ہیں — اول وُہ جو اوس میں حل ہوجاویں اور نظر نہ آویں — دوئیم — وُہ جو حل نہوں اور نظر آویں —

تیرنے والی نجاستیں بہی دو قسم کی ہوتی ہیں —

(الف) اِن آرگانک — یعنی معدنی — (ب) آرگانک یعنی نباتاتی —

اِن آرگانک — یعنی معدنی نجاستیں — اکثر مٹی وغیرہ کے قسم سے ہوتی ہیں دریاؤں — جہیروں — اور تالابوں کے پانی میں پائی جاتی ہیں — اس قسم کا میلا پانی پینے سے انسان — اسہال — پیچش — وغیرہ کی بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں آرگانک — یعنی نباتاتی نجاستیں کئی قسم کی ہوتی ہیں — اور معدنی نجاستوں کی نسبت سخت مضر صحت ہوتی ہیں — پانی میں کئی قسم کے بیج چہوٹے چہوٹے کیڑے (پوئیں) کیڑوں کا دہوں زمین کے دہوں کے ملنے سے براز کے ریزوں کی آمیزش اور چہوٹی جونکیں ہوتی ہیں — اگر اس قسم کا پانی استعمال کیاجاوے — تو جس قسم کے کرم پانی میں ہونگے اُسی قسم کے کرم انسان کے شکم وغیرہ میں پیدا ہوجاوینگے — کدودانے — ملہپ — وغیرہ — اگر جونکیں ہونگی تو حلق وغیرہ پر چمٹ کر جریان خون کا باعث ہونگی —

اگر ہیضہ کا زہر پانی میں ملا ہے — یا ہیضہ کے مریض کے زہر آلودہ کپڑے یا بول وبراز اسمیں ڈالے گئے ہیں — تو ایسا پانی پینے والا ضرور اِس مرض میں

مبتلا ہوگا ۔

پانی کو مطہر کرنے کے طریق

۱ ۔ جس طور سے بادیان وغیرہ کا عرق نکالتے ہین اوسی طور سے پانی کشید کرنے سے ایمونیا سلفیوریٹڈ ہائیڈروجن وغیرہ گرمی کے باعث اوڑجاتے ہین ۔ اور باقیماندہ غلاظتین تہ نشین ہوجاتی ہین ۔ اِلا پانی خوش ذایقہ نہین رہتا ہے ۔

۲ ۔ پانی نصف سے ایک گھنٹہ تک اوبالنا ۔ اِس طریق سے پانی کی کئی قسم کی معدنی غلاظتین نیچے بیٹھ جاتی ہین ۔ کرم مرجاتے ہین ۔ جن دیہات یا قصبات وموا ضعات مین لوگون کو تپھری یا گلڑ کی بیماری بہت ہوتی ہے ۔ پانی ضرور اوبال کر پینا چاہیے ۔ خاصکر متعدی بیماریون کی وبا مین بہی پانی کو اوبالنے کے بعد ٹھنڈا کر کے پینا چاہیے ۔

۳ ۔ پانی مین پھٹکری یا کلی ملانا چاہیے ۔ پانچ سیر پانی مین چار رتی یا ایک ماشہ پھٹکری یا کلی چونا ۔ ملانے سے پانی کی کئی قسم کی نجاستین تہ نشین ہوجاتی ہین ۔ گھڑی مین یہ چیزین ڈالکر قریب بارہ گھنٹہ تک الگ رکھنے سے پانی کا تمام گندلاپن تہ نشین ہوجاتا ہے ۔ اور صاف پانی اوپر آجاتا ہے ۔

۴ ۔ نرملی کو کوفتہ کر کے پانی مین ملانے سے بہی پانی صاف ہوجاتا ہے ۔ دو یا تین ماشہ سفوف نرملی ایک گھڑے پانی کے لئے کافی ہے ۔ اِلا کم از کم بارہ گھنٹہ تک وہ گھڑا الگ رکھ چھوڑین ۔ تاکہ پانی صاف اور خالص ہوجاوے ۔

۵ ۔ گرم جلتے ہوئے لوہے یا جلتی ہوئی ٹھیکریون کو پانی مین ڈالنے سے پانی کی (نباتاتی) یعنی آمیا سے گئے نک ۔ خرابیان دور ہوجاتی ہین ۔ یہی وجہ ہے کہ بیمار کو حکیم اِسی قسم کا پانی دینے کو ہدایت دیا کرتے ہین ۔

۶ ۔ دیگر خشک چیزین ۔ مثلاً کمرکس ۔ چائے وغیرہ پانی مین ملانے سے پانی کا گندلاپن دور ہوجاتا ہے ۔

۷ ۔ کوئیلے کے لکڑی پانی مین ڈالنے سے پانی رنگت مین صاف ٹھنڈا اور ذایقہ مین میٹھا ہوجاتا ہے ۔

فلٹریشن یعنی پانی کے صاف کرنیکا طریقہ

تین منزلی گھڑونچی چھ فٹ یا دو گز کے لمبی ہو۔ تیار کرا کے تین گھڑے جنکے پیندے مین برابر آہنی سے چھید کئے ہون منزل بمنزل رکھے جاوین۔ سب سے اوپر والے گھڑے مین نصف تک کوئلے بھر دئے جاوین۔ دوسرے گھڑے مین چار انگشت ٹھیکریون کی تہ جمائی جاوے۔ اور اُسکے اوپر چار انگشت بریان ریت کی تہ دیکر دوسری منزل پر لگاوین۔ اور تیسرے گھڑے کو پانی سے خوب صاف کرکے سب سے نیچے تیسری منزل پر رکھہ دین۔ اس گھڑے کو چھید نہین کرنا چاہئے۔ اور بالائی ہر دو کے چھیدونمین صاف کپڑے کی بتیین بنا کر داخل کر رکھین تاکہ پانی آہستہ آہستہ ٹپکتا رہے۔ اور ان گھڑون کے مُنہ سوراخدار چپنیون سے بند کرنے چاہئین اس طریق سے جو پانی سب سے نیچے کے گھڑے مین پہونچیگا وہ صاف اور مقطر پینے کے لایق ہوگا۔ مگر یاد رہے کہ ان اشیاء یعنی کوئلون اور ریت اور ٹھیکریونکو ضرور ہفتہ وار بدلتے رہین۔ یا ریت اور ٹھیکریون کو نکالکر دھوپ مین خشک کرکے کڑاہی مین آگ پر بریان کر لین۔ اور کوئلون کو بھی اسی طور سے اگر نئے دستیاب نہو سکین تو خشک کرکے قدرے تاؤ دیکر پھر استعمال کرین۔

لوہے تانبے اور پیتل کے برتنون مین پانی پینے کا رکھنے سے مٹی کے برتن عمدہ ہوتے ہین۔ مٹی کے برتن بھی کم از کم ایک ماہ کے بعد ضرور بدل ڈالنے چاہئین۔ اور روغنی نہون۔ کیونکہ اونکے مسام بند ہوا کرتے ہین۔

غذا۔ یعنی خوراک

چونکہ ہر ایک انسان وحیوان کی ہر ایک حرکت سے بدن کے مختلف حصونمین کچھہ نہ کچھہ حو(ٹ)ٹوٹ ہوتا رہتا ہے۔ اور اس کی درستی کے لئے بدن کی پرورش کے لئے اور حرارت بدنی قایم رکھنے کی خاطر غذا کی ضرورت پڑتی ہے۔ جس طرح سے انجن مین لکڑی حرارت قایم رکھنے کے کام آتی ہے۔ اور پانی انجر(بخار) بننے کا کام دیتا ہے۔ اور دیگر چیزین مختلف دیگر کام دیتی ہین۔ اسی طرح انسان کے بدن کے قدرتی انجن مین مختلف کامون کے لئے کئی قسم کی غذا

چاہئے — عمدہ غذامین چہہ صفتین ہوتی ہین —

۱ — غذامین ایسی چیزین ہونی چاہئین — جن سے بدن انسان بنا ہو —

۲ — وہ آپسمین اس طریق سے ملی ہون جو تجربہ نے سکھایا ہے — کہ انسان کی پرورش کے لئے ضروری ہے —

۳ — موسم ورزش عمر وغیرہ کے لحاظ سے غذا کی مقدار ضروریات بدن کے لئے کافی ہو —

۴ — تجربہ اور علم کے لحاظ سے جو چیزین بدن انسان کے لئے ضروری خیال کی گئی ہین — اونکا کافی مقدار غذامین ہونا چاہئے —

۵ — غذامین اس قسم کی چیزین ہونی چاہئین جو انسان یا دیگر حیوان کے اعضائے طعام بخوبی ہضم کرسکین —

۶ — غذا کو اس طریق سے تیار کیا جاوے کہ بآسانی ہضم ہوکر جذب ہوسکے —

غذا کا مقدار — صحت مین جنس — عمر — آب وہوا — ورزش — عادت — اور غذا کی قسم پر منحصر ہے — مردون کی نسبت عورتین ورزش نکرنے کے باعث کم غذا کھاتی ہین — بچپن مین بچے بدن کے بڑہنے کے باعث بڑے آدمیون کی نسبت سہ چندان غذا کھاتے ہین — دس برس کی عمر مین غذا دگنی اور چودہ برس کی عمر مین غذا جوانون کی غذا کے برابر ہوتی ہے —

سرد موسم اور سرد ملک کے لوگون کی غذا گرم ملک والون سے زیادہ ہوتی ہے — کیونکہ حرارت بدنی قایم رکھنے کی غرض سے ایسے ملکون اور ایسے موسمون مین جیسے کمرہ کے گرم رکھنے کے لئے ایندھن کی زیادہ ضرورت ہے ویسے ہی غذا کی بھی زیادہ ضرورت پڑتی ہے —

عموماً غذا کی ضرورت خاصکر ورزش پر منحصر ہے —

ضرورت سے زیادہ کہانے سے کئی قسم کے بدنتایج ظہور مین آتے ہین —

غذا کا بہت دفعہ کھانا بھی مضر صحت ہے — گو ایک دفعہ تھوڑی ہی کہائی جاوے کیونکہ اس طرح سے معدہ کو ہر وقت کام کرنا پڑتا ہے — اور معدہ کی کمزوری کے باعث بہت دفعہ کھانے والے مرض بدہضمی مین گرفتار ہوتے ہین —

دو غذاؤں کے درمیان کم از کم چھ گھنٹہ کا وقفہ ہونا چاہیئے — اور انسان کو
کم از کم دن میں تین دفعہ کھانا چاہیئے — یعنی علی الصباح ضرور تھوڑا بہت ناشتا کرے
پھر کھانا گیارہ بجے — اور بعد ازاں شام کو پانچ یا چھ بجے کھانا کھاوے +

نیند یعنی خواب

صحت بدنی قایم رکھنے کے لئے — حیوانوں اور پودوں کو آرام کی ضرورت ہوتی ہے
انسان کیا دیگر حیوانوں کا ہر ایک عضو چوبیس ۲۴ گھنٹہ تک متواتر کام نہیں کرسکتا —
یہاں تک کہ بعض درختوں کے پھول اور پتے بھی اس آرام کی خاطر چوبیس گھنٹہ میں وقت
مقررہ پر بند ہو جاتے ہیں —

بچوں کو دیکھیئے جو آرام سے مقررہ وقت گہری نیند میں خرچ کرتے ہیں تر و تازہ و فربہ
نظر آتے ہیں — اگر کوئی انسان کبھی بیماری یا دیگر کسی وجہ سے آرام نکر سکے اوسکا
چہرہ تندرست انسانوں کی نسبت پژمردہ اور بدن نحیف پاؤ گے — ان امورات
متذکرہ بالا سے صاف ظاہر ہوا کہ صحت بدنی قایم رکھنے کے لئے انسان کو بھی آرام
کی ضرورت ہے — انسان کے مختلف عضو مختلف موقعوں پر آرام پاتے ہیں —
لیکن دماغ جو تمام بدن کا شہنشاہ ہے — اور جسکے زیر حکم بدن کے پرزے ہر
وقت اپنے پیچیدہ حرکات کرتے ہیں تاوقتیکہ پوری مقدار میں آرام نہ پاوے
تو اس کل کے سب پرزے بہت جلد بگڑ جاوینگے —

دماغ کو تاوقتیکہ انسان مختلف خیالوں اور سوچوں سے گریز نکرے آرام نہیں ملتا
لیکن ہوش و حواس میں ایسا ہونا مشکل ہے — اسلئے قدرت نے ذات کو
ایسا بنایا ہے کہ انسان کا دماغ بھی آرام کرسکے — اور وہ آرام دماغ کو نیند کے
ذریعہ حاصل ہوتا ہے —

نیند کا مقدار اور قسم انسان کی عمر اور صحت پر منحصر ہے — شیرخوار بچے چوبیس ۲۴
گھنٹہ میں بائیس ۲۲ گھنٹہ سوتے ہیں — دس برس سے بارہ برس کے بچے چودہ ۱۴ گھنٹہ
پندرہ ۱۵ سے پچیس ۲۵ برس کے جوان آٹھ گھنٹہ اور پچیس ۲۵ برس سے پچاس ۵۰ برس کے
سات گھنٹہ — مگر بعض انسان سات کے بجائے پانچ یا چھ ۶ گھنٹے ہی سوتے
ہیں — جوان انسان کے لئے حفظان صحت کے قواعد کے رو سے چھ ۶ سے

آٹھہ گھنٹہ دن رات مین سونا کافی ھے +

پوشاک یعنے لباس

انسان بدن کو گرمی سردی سے محفوظ رکھنے کی خاطر پوشاک پہنتا ھے - اور کپڑون کی بناوٹ پر مختلف موسمون مین بدن کی حفاظت منحصر ھے -

مثلاً اونی کپڑے بدن کی حرارت کو ضایع نہین ہونے دیتے - اور بیرونی سردی کو بدن پر تاثیر نہین کرنے دیتے - اسیواسطے گرم خیال کئے گئے ہین -

موٹے کپڑون کے بہت مسام دار ہونے کے باعث جلد سے پسینہ وغیرہ کے ابخرے نکلتے رہتے ہین اور اسیطرح سے بیرونی گرمی کو بدن پر اثر نہین کرنے دیتے - اسواسطے ان کو سرد خیال کیا جاتا ھے - یاد رھے کہ موسم گرما مین گرمی کے ڈر کے مارے نہایت باریک ململ وغیرہ کے کپڑے پہننا مضر صحت ہین - البتہ گھر مین اس قسم کے پارچہ جات پہننا نقصان نہین دیتے - باھر دھوپ وغیرہ مین نکلنا یا معمولی کاروائی کے لئے جانا اچھا نہین - کیونکہ دھوپ کی لو ان مسام دار باریک کپڑون کے باعث جلد پر بہت جلد اثر کرتی ہے - اور پسینا بہت جلد خشک ہوجاتا ہے - اسی باعث جلد پسینہ کے سرد رہنے کے بجائے دھوپ کی گرم ہوا سے گرم ہوجاتی ہے - اسیطرح سے موسم سرما مین بھی ململ لٹھہ خاصہ کے کپڑے مضر پڑتے ہین -

ہمارے ملک کے نوجوانان نے ٹوپی کا پہننا عام کردیا ہے - اور دستار یعنی پگڑی بھی باندھنی قطعی متروک کردی - افسوس ہے کہ وے انگلینڈ کی ٹوپیون کی بناوٹ کا مدعا نہین سمجھتے - انکی ٹوپیون کا سامنے نکلا ہوا حصہ ہوتا ھے جو کہ آنکھون کو زاید روشنی نہ پہونچنے سے محفوظ رکھتا ہے - قدرت نے ابروؤن کو بھی اسی مطلب کی خاطر بنایا ہے کہ آنکھون کو زاید روشنی اور ماتھے کے پسینہ سے محفوظ رکھین - جیسے انگریزون کی ٹوپی کا سامنا حصہ بڑھا ہوا آنکھونکو زاید روشنی سے بچاتا ہے - ویساہی پگڑی یا صافہ کا سامنا بڑھا ہوا حصہ کام دیتا ھے -

موسم برسات مین کرتے وغیرہ اگر ممکن ہون تو فلالین کے بنانے چاہیئین +

اگر فلالین کی توفیق نہو تو دیسی موٹا کپڑا ہی عنقریبا ویہی فایدہ دے سکتا ہے - کرتے کوٹ وغیرہ بدن کے کپڑے ڈھیلے ڈھالے ہونے چاہئین - تاکہ حرکات تنفس دوران خون اور ہاتھون اور بازوؤن کی حرکت ٹھیک طور پر ہوتی رہے -

واسکٹ - جاکٹ - مرزائی - یا پہنتوئی ایسی ہونی چاہیے کہ چھاتی پر اس کا دباؤ نہو پڑے - کرتی - کوٹ وغیرہ کی آستین ڈھیلی ہونی چاہیے تاکہ اونگلیان اور کلائی کی مختلف نسبین بہ آسانی بغیر روک کے کام کر سکین - اور کام کرتے وقت انگلیون کو کسی قسم کا تکان معلوم نہو -

پاےجامے سیدہے سادہے ہونے چاہئین - پلتون وغیرہ کا پہننا دیسیون کے لئے مناسب نہین ہے -

پاپوش یا جوتی - جوتیون کے تلے بھاری اور موٹے اور پنجہ کشادہ ہونا چاہیے - اسی طرح بوٹ وغیرہ کو سامنے سے تنگ نہ ہونا چاہیے - تنگ جوتی پاؤن کو زخمی کر دیتی ہے - نوکیلی اور تنگ پنجہ کی جوتی سے اونگلیان ٹھیک طور پر حرکت نہین کر سکتین - اور اونگلیان کٹھیلی ہو جاتی ہین -

خضاب - خضابون کے ذریعہ بال رنگنے کا بہت رواج ہو گیا ہے - ان مین عموماً رسکے یا پارہ کے مرکبات ہوتے ہین - جو جلد مین جذب ہونے پر صحت مین فتور ڈالتے ہین - اسواسطے اونکا لگانا بالکل نامناسب ہے - اگر شوق رنگنے کا ہو تو وسمہ یا مہندی سے رنگ کیا کرین -

ورزش

یہ امر صاف طور پر ظاہر و عیان ہے - کہ اگر کسی گھڑی کو مدت تک بند رکھین - یا کسی کل کے کسی حصہ کو کچھ دن استعمال مین نہ لایا جاوے - تو اوسکے بگڑنے کا احتمال ہوتا ہے - اسی طرح اگر جسم کے کسی عضو کو استعمال مین نہ لایا جاوے - تو وہ بھی ڈھیلا اور سست ہو جاتا ہے - اسلئے جسم کے ہر ایک حصہ سے کام لینا چاہیے - خواہ نظام عصبی ہو خواہ عضلانی ہو - ورزش کرنے سے نظام عصبی اعضائی انہضام طعام و دیگر عضو حالت صحت مین رہتے ہین - یہہ بھی ہر فرد بشر کو معلوم ہے کہ ورزش کرتے وقت انسان کو جلد جلد سانس لینا پڑتا ہے - اسلئے

کئی قسم کے بخارات پھیپھڑوں سے تنفس کے ساتھہ خارج ہوتے ہین - اور خون صاف ہوتا ہے - ورزش کرنیوالے انسان کا ہاضمہ درست رہتا ہے - سینہ کشادہ اور پٹھے مضبوط ہوتے ہین - اور خوب گھری نیند آتی ہے - حد اعتدال سے زیادہ ورزش کرنے سے پھیپھڑون مین اجتماع خون ہونیکا اندیشہ ہے -

امیرون کو عمدہ غذا کھانے اور ورزش نہ کرنے کے باعث اکثر جگر مین اجتماع خون ہوجاتا ہے - اور وہ بواسیر کی بیماری مین گرفتار ہوکر حکماء کے محتاج ہوتے ہین بواسیر کے روکنے اور دفعیہ کے لئے سب سے عمدہ علاج پا پیادہ چلنے کی ورزش ہے - ورزش کرنے سے پیشاب اور پسینہ زیادہ خارج ہوتا ہے - چونکہ پسینہ اور پیشاب سے خون کی غلاظتین خارج ہوتی ہین - پس ان کے زیادہ خارج ہونے سے خون بھی زیادہ صاف ہوتا ہے -

سخت گرمی مین ورزش کرنا منع ہے -

محنت دماغ

پڑھنا - سوچنا اور محنت علمی حسب مقدور دماغ چاہئے - ناجائز بوجہ دماغ پر ڈالنے یا دماغ کے کامل الطاقت ہونیکے پیشتر اوسکو زیادہ تر کام مین لانے سے نقصان دایمی ہے - بچونکو جبتک کہ اونکے قوائے دماغی پختہ نہ ہون تعلیم مین مستغرق نکرین -

غسل یعنے بدنی صفائی

یہ بیان ہوچکا ہے کہ ورزش کرنے سے کئی قسم کے بخارات اور خون کی غلاظتین جلد کے مساموں کے رستہ خارج ہوتی ہین - اسواسطے مناسب ہے کہ جلد کو صاف وستھرا رکھین - تاکہ وہ اپنا کام درستی سے کرسکے - اگر یہ میلی رہی تو اوسکے مسام بند ہوجاوینگے - اور مساموں کے بند ہوجانے سے خون سے بخارات اور غلاظتین ٹھیک طور پر خارج نہ ہوسکینگی - اور خون ٹھیک طور پر صاف نہین ہوگا - جسکے باعث انسان کی طبیعت زکام اور نزلہ کی طرف مایل رہیگی - بدن کی صفائی نہانے یا غسل سے ہوسکتی ہے - انسان کو ہر روز چوبیس گھنٹہ مین ایک دفعہ نہانا چاہئے - بشرطیکہ وہ کمزور نہ ہو - اور کوئی بیماری نہانے کی مانع نہو - ہمیشہ سرد یا تازہ پانی سے نہانا چاہئے - کیونکہ سرد پانی کے ساتھہ نہانے سے دل کو زیادہ فرحت معلوم ہوتی ہے -

اور دماغ اور مختلف پٹھوں کو طاقت حاصل ہوتی ہے - اگر کمزوری یا دیگر باعث سے کوئی آدمی موسم سرما میں سرد پانی سے نہ نہا سکے - یا سرد پانی کے نہانے سے جوڑوں وغیرہ میں درد ہو تو مناسب ہے کہ سرما میں گرم پانی سے نہایا جاوے - نہانے کے بعد بدن کو خشک کپڑے سے پونچھیں تاکہ بدن کی میل اوتر جاوے - اور جلد صاف ستھری ہوجاوے - نہا کر اگر بدن کو نہ پونچھا گیا تو جلد کے مسامات ٹھیک طور پر صاف نہیں ہوسکتے - بدن پونچھنے کا کپڑا ہمیشہ موٹا اور کھردار ہونا چاہیے اور اوسکو ہمیشہ صاف اور ستھرا رکھنا چاہیے - اور ہر ایک شخص کے لئے خاندان میں علیحدہ علیحدہ الگ کپڑا ہونا چاہیے - مشترک کپڑا ہونے سے کئی قسم کی بیماریاں خاصکر جلدی ایک سے دوسرے کو ہوسکتی ہیں - دہوتی وغیرہ سے منہ وغیرہ نہ پونچھنا چاہیے - گرمی کے موسم میں پوشاک وغیرہ بدلنے اور صاف رکھنے کی طرف بہی کوشش کرنی چاہیے - کیونکہ اگر کپڑے نہ بدلے جائینگے تو جسم کا پسینہ اور دیگر بخارات اونمیں خوب سرایت کرجاوینگے - یہانتک کہ چند دنوں کے بعد کپڑوں کے مساموں کے بند ہوجانے کے باعث پسینہ وغیرہ درستی سے خارج نہیں ہوسکیگا - اور تپ وغیرہ دیگر قسم کے بخارات بدن پر نکل آوینگے - کرم دار اور جونکوں والے پانی سے غسل نہ کریں - کیونکہ ایسا کرنے سے بہی کئی قسم کے کرم بدن انسان میں سرایت کرسکتے ہیں - +

استفراغ

قبض نہ ہونے دیں صبح و شام اجابت کی عادت رکھیں - اور جبتک کہ پوری فراغت نہ ہولے جائے ضرور یعنے پاپاخانہ سے نہ نکلیں - اور آبدست ہمیشہ سرد پانی سے خواہ کوئی موسم ہو کیا کریں - +

مکانات سکنی

موسم کی سردی - گرمی - اور بارش سے محفوظ رہنے کے لئے انسان کو مکانات کی ضرورت ہے - دہقان بوجہ کھلی ہوا میں رہنے کے قوی ہیکل - خوش طبع - اور تندرست ہوتے ہیں - قصباتی یعنی شہر کے رہنے والے نحیف البدن - پست قد - کم حوصلہ - اور زرد رنگ ہوتے ہیں - اسکی وجہ یہی ہے کہ شایستگی نے

اون کو سکھایا ہے کہ اپنے رہنے کے مکانات شہر کے طور پر اکٹھا بناوین - قصبوں مین زمین کی کمی اور بیش قیمت ہونے کے باعث مکانات مین علاوہ گنجان ہونیکے دوسرے بہت سے نقصان رہ جاتے ہین - اسلیئے صحت کے لحاظ سے جو باتین مکانات کی صفائی کے لیئے ضروری ہین ذیل مین درج کی جاتی ہین -

اول - رہائش کے مکانون کی زمین خشک ہونی چاہیئے - سیلاب دار زمین سے کئی قسم کے بخار نکل کر ہوا کو کثیف کرتے ہین -

پیشتر مکان بنانے کے مکان کی زمین کا لحاظ مناسب ہے - ایسی زمین گرد و نواح کی زمین سے قدرے اونچی ہونی چاہیئے - مکان کے ارد گرد کی موریان صاف ہونی چاہئین تاکہ پانی اونمین اکٹھا نہ ہو جاوے - کیونکہ گندے پانی سے متعفن ہوائین خارج ہو کر مکان کی ہوا کو خراب کرتی ہین -

اگر ملک کی رسم کے لحاظ سے چوری وغیرہ سے بچنے کی غرض سے مکان نم دار زمین پر بنانا پڑے تو ایسے مکان کا فرش ایسی چیز سے بنانا چاہیئے - جسکو پانی سیلاب نہ کر سکے - اور مکان کی کرسی سطح زمین سے اونچی رکھنی چاہیئے -

اگر توفیق ہو تو دو منزلہ مکان بناوین - اور رہائش اوپر والی منزل پر رکھین - مکان کے اندر صحن وغیرہ مین پانی گراتے وقت یہی خیال رکھین کہ بدررو کے علاوہ کسی اور جگہ پانی نہ گرے - اور نہ ٹھہرے - کیونکہ ایسا ہونے سے مکان مضر صحت ہوگا - اصطبل بنانے کے لیئے بھی خشک زمین کا ہونا ضرور مدِ نظر رکھا جاوے - کیونکہ نمدار مکانات انسان و حیوانات ہر دو کے لیئے مضرِ صحت ہین - اور علاوہ وجعِ مفاصل کی اور بھی کئی بیماریان ہو سکتی ہین -

دوم - آمد و رفت ہوا - مکان ایسی ترکیب اور احتیاط سے بنانے چاہئین کہ اون مین تازہ ہوا کی آمد و رفت آسانی سے ہوتی رہے - اور کثیف ہوا تازہ ہوا سے ہر وقت بدلتی رہی - اور قدرتی ڈس انفکٹنٹ گھرون کی کثیف ہوا کو صاف کرتی رہین - اگر ممکن ہو تو مکانون کو ایک دوسرے سے قدرے فاصلہ پر بنانا چاہیئے - کیونکہ یہ بتایا گیا ہے کہ کثیف ہوا خراب خورش و نوش کی نسبت سخت مضرِ صحت ہوتی ہے - اور جلد مہلک پڑتی ہے - یہی وجہ ہے کہ دمعا نزنکی

جو شہریوں سے دور ہوتی ہے - کیونکہ شہریوں کو گنجان آبادی کے باعث تازی ہوا
نصیب نہیں ہوتی - حالانکہ دہقانوں کو سب چیزین میسر نہیں ہوتیں وغیرہ انکو کئی وجہ
لذیذ و نفیس بھی نہیں ہوتے - بالفرض اگر کسی وجہ سے مکانات الگ الگ بنانا نہایت
ہی مشکل اور دشوار ہو تو ایسی حالت میں مکانات کے دریچے اور دروازے وغیرہ ضرور
اس ڈھنگ پر ترتیب کئے جاوین کہ مکان میں ہوا کی آمد و رفت بخوبی اور آسانی
سے ہوتی رہے - اور باشندگان گرمی اور سردی سے محفوظ رہ سکین - اور سقف
یعنے چھتین مکانات کی کم سے کم چار گز اونچی تو ضرور ہونی چاہئین - اور سونے والے
کمرے اگر ممکن ہو تو دن کے وقت خالی رکھے جاوین تاکہ اوس جگہ تازہ ہوا دن بھر
بخوبی آتی جاتی رہا کرے -

صفائی - مکان کی ہر ایک کمرے میں روزمرہ جہاڑو دینا چاہئے -

دوم - مکان کا کوڑا یعنی خس و خاشاک ایسی جگہ اکٹھا کرنا چاہئے کہ ہوا وغیرہ کے
باعث پھر مکان میں نہ پھیل سکے - اور اوسکے تعفن سے مکان کی ہوا خراب نہو -

سوم - موریون اور صحن کو خوب صاف رکھنا چاہئے - تاکہ اونکی عفونت سے مکان
کی ہوا متعفن اور خراب نہ ہوجاوے - خاصکر باورچی خانہ اور جائے ضرور کی موریکو
دن میں کم سے کم ایک دفعہ ضرور دھلوانا چاہئے - اور پانی خوب بہا دیا جاوے -

چہارم - باورچی خانہ ایسے موقعہ پر ہونا چاہئے کہ اوسکا دہوان تمام مکان میں پھر کر نہ
نکلے -

پنجم - غسل خانہ مکان کے ایک پہلو پر رکھوانا چاہئے تاکہ اوسکا پانی گلی کوچہ کی بدررو
میں نکل کر مل جایا کرے اگر ایسا نہ ہوگا تو غسل خانہ کا پانی تمام مکان کو سیلاب کر دیگا
اور سیلاب دار ہونے کے باعث سخت نقصان پہنچاویگا -

ششم - جائے ضرور شہر والون مکان کے ایسے موقع پر ہونا چاہئے جہان سے
جائے ضرور کی دہون کا گندہ پانی بہ آسانی گلی کوچہ کی موری یا بدررو میں جا ملے
اور اوس جگہ میں تازہ ہوا کی خوب آمد و رفت رہے -

جائے ضرور کے فرش پکے ہونے چاہئین - بلکہ اگر توفیق ہو تو اوس جگہ پر تار کا
پوچا دلانا چاہئے - کیونکہ ایسا کرنے سے اول تو وہ جگہ تار کے ڈس ان فکٹ

ٹھنڈک ہونے کے باعث متعفن نہین ہوتی — دوم بول وغیرہ کی چھینٹوں کے فرش پر گرنے سے چوہے اور چیونٹی کے خراب ہونیکا خطرہ نہین رہتا — سوم فرش دھوتے وقت کسی قسم کی تکلیف نہین ہوتی اور فرش مین بول وغیرہ جذب نہین ہوسکتا چہارم تار کے خشک ہونے پر فرش خوب پختہ اور مضبوط ہو جاتا ہے —

جا ضرور مین اگر توفیق ہو تو دو ٹین کی کنالیان ورنہ عام مٹی کی کنالیان ضرور چاہیین — یعنی ایک پاخانہ کے لئے اور دوسری بول کے لئے — اور ہر روز دونو کنالیون مین تھوڑی خشک مٹی یا چونے کی راکھ ڈالدیا کرین تاکہ آسانی سے صاف ہوجایا کرے ٭

مزاج

تجربات سے ثابت ہوچکا ہے کہ ہر ایک شخص کی مختلف مزاج ہین — اسکو انگریزی کی اصطلاح مین ٹمپرے منٹ کہتے ہین — اور یہہ چار قسمون مین منقسم ہوتی ہے —

اول — سنگوے نئیس یعنی دموی — دوم — لمفاٹک یعنے بلغمی — سوم — بلے لئس یعنے صفراوی — چہارم — نروس یعنے عصبی —

سنگوے نئیس (دموی) مزاج والے آدمی کا جسم فربہ بال سرخی مائل — گربہ چشم — رنگ سرخ — نبض پر اور سریع — چست و چالاک غصہ ور اور طبیعت تیز ہوتی ہے —

لمفاٹک (بلغمی) اس مزاج کے آدمی کا گوشت ڈھیلا — جسم تخیم توند نکلی ہوئی بال بھورے آنکھین سرمئی یا گربہ چشم — لب موٹے — چہرہ بھولا بھالا — دوران خون معہ کل حرکات جسمانی و روحانی سست ہوتی ہین —

بلے لئس (صفراوی) اسکی شناخت اس طور پر ہے کہ گوشت تنا ہوا صحیح دل پر اوسکے مطالب دلی نمایان بال اور آنکھین سیاہ — جسم کی رنگت سیاہی مائل — نبض پر سخت — صاحب حوصلہ اور جفاکش وغیرہ ہوگا —

نروس (عصبی) اس قسم کا آدمی ٹھنگنا دبلا پتلا — چہرہ نازک — بال بھورے آنکھین چمکیلی نبض ملائم مگر سریع — نہایت خوش مزاج عقیل و فہیم وغیرہ وغیرہ ہوگا —

عمر - بیماری کے موقعہ پر تشخیص اور علاج کے لیے طبیب کو عمر کا دریافت اور لحاظ کرنا ضرور ہے - جون جون عمر زیادہ ہوتی ہے - اعضائے رئیسہ کی ساخت بگڑتی جاتی ہے - اسلئے جب انہیں کوئی بیماری ہوتی ہے - تو وہ وقت سے جاتی ہے یا رفع ہوتی ہے - بچون کی بیماریان بہ نسبت مسن اشخاص کے زیادہ تر علاج پذیر اور زود تر رفع ہوتی ہین *

تعریف مرض

جب جسم کا کوئی عضو بگڑ جاوے - یا اوسکا کوئی فعل صحت کی نسبت زیادہ تر تیز یا سست یا بدل جاوے یا کمزور یا بالکل مفقود ہو جاوے - تب اوس عضو کو بمقابلہ صحت کے بیمار کہا جاویگا -

یہ بھی جاننا ضروری ہے کہ کل امراض ایک ہی قسم کے نہین ہوتے - اگر کسی بیماری مین اعضا کی ساخت مین فرق آجاوے یا بگڑ جاوے - تو اسکو آر گے نک ڈیزیز (کسی عضو کی ساخت مین) کہتے ہین - جب صرف اوسکے فعل مین ہی فتور پڑتا ہے تو اسکو فنکشونل ڈیزیز (افعالی) لکھتے ہین - کوئی بیماری ایسی ہوتی ہے جو کبھی رفع نہین ہوتی یعنے ایک عضو کو چھوڑکر دوسرے مین سرایت کرجاتی ہے مثلاً سرطان اور آتشک وغیرہ اور بعض نہایت مہلک ہوتی ہین جیسے ہیضہ اسکار لٹ فیور وغیرہ اور بعض بیماری کا یہہ حال ہے کہ از خود پیدا ہوتی ہے کسی دوسری بیماری سے تعلق نہین رکھتی اور بعض ایسی ہین جنکا پیدا ہونا دوسری بیماری پر حصر رکھتا ہے - جیسے قلب جگر اور گردونکی بیماری مین - استسقا کا ہوجانا - اور بعض امراض ایسی حاد ہوتی ہین یعنے تھوڑے عرصہ تک رہتی ہین مگر بہت شدید ہوتی ہین پس ایسی امراض کو اکیوٹ (حاد) لکھتے ہین بعض ایسی ہین کہ جنکو مزمن کہتے ہین یعنے عرصہ دراز تک رہتی ہین - پر شدید نہین ہوتی - انکو کرانک ڈیزیز (مزمن) بولتے ہین - اور بعض متعدی ہوتی ہین - جنکو کن ٹے جیس یا انفکشس ڈیزیز (چھوت) کہتے ہین - بعض امراض اینڈ ے مک اور بعض ان اپے ڈیمک اور بعض اسپوراڈک ہوتی ہین - ان ہرسہ مین فرق یہہ ہے

کیپہلے قسم کی بیماری وبائی اور عالمگیر ہوتی ہے - مثلاً چیچک وہیضہ اور بعض قسم کے بخار -

قسم دوم کی جو بیماریاں ہوتی ہیں - وہ کسی خاص جگہ پر محدود اور منحصر ہوتی ہیں -
سوم قسم کا لفظ ہر دو متقدم الذکر بیماری کی نسبت کہا جاتا ہے کہ جب چند آدمیونکو ہوجاتی ہیں -

اسباب الامراض

سبب کو انگریزی میں (کاز) بولتے ہیں - یہہ دو قسم رکھتا ہے یعنی پری ڈس پوزنگ کاز اور اکسائی ٹنگ کاز -
پری ڈسپوزنگ کاز میں وہ باتیں شامل ہیں - جنکا اثر ہمارے جسم پر یا جسم کے کسی حصہ یا کسی عضو پر ایسا پیدا ہوجاتا ہے کہ جس سے مرض میں مبتلا ہونے کے لئے وہ مایل یا مستعد ہوجاتا ہے -
اکسائی ٹنگ کاز - اُن سببوں کو کہتے ہیں جو جسم پر اپنا اثر سیدھا پیدا کر کے مختلف بیماریوں کو ظاہر کر دیتے ہیں -

علامات

زندگی کی حالت میں جب کوئی بات ایسی پیدا ہو جس سے کوئی بیماری ثابت ہو اُسکو انگریزی میں سمپ ٹم یعنی (علامت) بولتے ہیں - یہہ علامتیں کئی قسم کی ہوا کرتی ہیں -

اول - جنرل یا کانس - ٹے ٹیوشونل سمپ ٹمس یعنی (علامت عامہ) -

دوم - لوکل سمپ ٹمس یعنی (علامت خاصہ) -

سوم - ابجک ٹیو سمپ ٹمس - جو طبیب کو معلوم ہوسکیں -

چہارم - سبجک ٹیو سمپ ٹمس - جنکو مریض محسوس یا معلوم کرے -

پنجم - ڈائرکٹ یا اڈیو پے تھک - جو خاص بیماری کی جگہ پر نمایاں ہوں

ششم - ان ڈائرکٹ یا سمپے تھے ٹک - جو بیماری کے مقام سے دور ہوں

ہفتم - پری مانے ٹری یا پرکری سمپ ٹمس - (علامات منذرہ)

ہشتم - پیتھاگ نومانِک سمپٹمس - علاماتِ تشخیصی -

پہلے قسم کی علامتین وہ ہوتی ہین جنکا تعلق سارے جسم سے ہوتا ہے -

دوسرے قسم کی علامات وہ ہین جو جسم کے کسی خاص حصہ پر محدود ہون -

تیسرے قسم کی علامتین صرف ڈاکٹر یا طبیب کو معلوم ہوتی ہین جیسے سرخی یا ورم -

چوتھے قسم کی علامات کو صرف مریض ہی جان سکتا ہے جیسے درد اور کسی حصہ جسم کا سُن ہو جانا -

پانچوین قسم کی علامتین خاص بیماری کی جگہ پر پائی جاتی ہین -

چھٹے قسم کی علامات وہ ہین جو جسم کے کسی ایسے حصہ مین پائی جاتی ہین جو بیماری کے مقام سے دور ہون جیسے درد گردہ مین قے کا ہو جانا وغیرہ -

ساتوین قسم کی علامات سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اب کوئی نہ کوئی بیماری ظاہر ہونے والی ہے - جیسے مرگی کی نوبت سے پہلے شکلونکا نظر آنا وغیرہ -

آٹھوین قسم کی وہ علامتین ہوتی ہین جو کسی خاص بیماری مین پائی جاوین - اور کسی دوسری بیماری مین نہین -

واضح ہو کہ علامتون سے واقفیت پیدا کرنے ہر طبیب یا ڈاکٹر کے واسطے ضروریات سے ہے کیونکہ انہین علامتون سے بیماری بآسانی دریافت ہوتی ہے - اور انکا انجام نیک و بد کہا جاتا ہے -

تشخیص بیماری کو انگریزی مین ڈایاگ نوسس کہتے ہین - اوپر بخوبی بیان ہو چکا ہے کہ بیماری کے پہچاننے کے لئے علامتون کو کماحقہ جاننا طبیب کے لئے ضروری ہے -

انجام نیک و بد مرض کے بیان کرنیکو انگریزی اصطلاح مین پراگ نوسس کہتے ہین - عام قاعدہ ہے کہ مریض کے خویش و اقارب اطمینان ہونیکے لئے طبیب سے بیمار کی مرض کا نتیجہ نیک و بد پوچھہ بیٹھتے ہین - اسلئے طبیب کو چاہئے کہ قبل اسکے کہ وہ کل علامات کو دل مین جگہ دیکر بخوبی سوچ بچار نہ کر لے - بیماری کا نتیجہ نیک و بد ہرگز ظاہر نہ کرے - کیونکہ اگر اوسکے کہنے کے مطابق نہ نکلا تو نالیاقتی ثابت ہوگی - اور یہہ بھی نہین چاہئے کہ اگر مرض مہلک دیکھے تو بیمار کو صاف

کہہدے کہ تیری امید حیات منقطع ہو چکی ہے کیونکہ اس سے بیمار کا حوصلہ پست
ہوتا ہے —
علاج کو انگریزی مین ٹریٹمنٹ کہتے ہین — جسوقت بیمار کی علامات وغیرہ
بخوبی سمجھی جاوین تو علاج کیطرف متوجہ ہونا چاہیئے — اگر مرض بخوبی سمجھہ مین آجاوے
اور دوائی کا اثر دیکھا جاوے تو اس بیماری کا علاج حکمت کے قاعدے سے کیا
جاوے — اور جب دونون مین سے کوئی بھی دریافت نہ ہو تو مثل اندہے کے
ٹٹولنا پڑتا ہے — یعنی کبھی کوئی علاج اور کبھی کوئی — علاج کے وقت حالات
موجودہ کا لحاظ رکھنا چاہئے جلدی ہرگز نہین چاہئیے — +

دوران خون

نبض — طبیب یا ڈاکٹر کو عموماً بیمار کو دیکھنے کے موقعہ پر تشخیص مرض کے لیے نبض
دیکھنے کی ضرورت پڑتی ہے — اس سے دو فائدے نکلتے ہین — اول یہہ کہ نبض کو
دیکھکر حکیم یعنے معالج بیمار کو تسکین اور اطمینان کر دیتا ہے — کہ خیریت ہے —
جلدی شفا ہوگی — دوم — دوران خون کی حرکت کے ملاحظہ سے تشخیص مرض
کو بڑی امداد ملتی ہے — اور کئی امراض کا ظہور آسانی سے معلوم ہو سکتا ہے —
پس نبض کے ملاحظہ کے وقت سب سے مقدم یہہ احتیاط ہونی چاہئے کہ
بیمار کے پاس جاتے ہی اوسکی نبض کو نہ دیکھے — بلکہ چند منٹ اوسکے پاس بیٹھکر
اوس سے بڑی ملائمیت اور شفقت کے ساتھہ بات چیت کی جاوے — اور
کچھہ حالات بیماری کے پوچھے جاوین — تاکہ وہ دھڑکا جو حکیم کے آنے سے
اکثر بیمارون کو ہوا کرتی ہے — دور ہو جاوے — اور مریض غصہ اور خوشی
اور ریاضت اور ماندگی اور ترک عادت سے خالی ہو — نبض بے قاعدہ نہ
چلے — جب نبض کو دیکھا جاوے — تو چار انگلیان بیمار کی ریڈیل آرٹری
یعنے (زند اعلے) پر رکھکر آہستہ اور یکسان دبانا چاہئے — بچون کی نبض کلائی
پر چونکہ بدقت محسوس ہو سکتی ہے — اسواسطے بہتر ہے کہ اونکی قلب کی ضربات
بغور ملاحظہ کی جاوین —
نبض کی حرکات اکثر قلب کی تعداد کے برابر ہوتی ہین — بلکہ بعض بعض اوقات

اُس سے کم ہو سکتی ہین ۔
نبض مین اکثر عُمر ۔ مزاج ۔ عورت ۔ اور مرد کا ہونا ۔ خواب ۔ غذا ۔ ورزش
اور یہہ کہ مریض کھڑا یا بیٹھا یا لیٹا ہو اختلاف پڑجاتا ہے ۔ علے ہذا دن کے
مختلف وقتون کی نبض مین بھی اختلاف ہوجاتا ہے ۔
اول ۔ عمر ۔ عہد طفلی بچون کی نبض کے تعداد مین بڑا فرق ہوتا ہے ۔ جون جون
عمر زیادہ ہوتی جاتی ہے ۔ ضربات نبض کی کسیقدر گھٹتی جاتی ہین ۔
دوم ۔ نبض عورت اور مرد کی ۔ تجربہ سے ثابت ہوچکا ہے کہ ثمان برس
کی عمر تک مرد اور عورت کی نبض کے تعداد مین چندان فرق نہین پایا جاتا ہے
لیکن جون جون عمر زیادہ ہوتی ہے ۔ عورت کی نبض بہ نسبت مرد کے چھہ سے
چودہ مرتبہ زیادہ حرکت کرتی ہے ۔

فہرست نبض کی ۔ مختلف عمر اور عورت اور مرد مین

۱ ۔ بعد پیدا ہونے کے نبض عرصہ ایک منٹ کے اندر ۱۴۰ مرتبہ چلتی ہے ۔
۲ ۔ نہایت ننھے بچہ کی ″ ″ ۱۲۰ ″ ″
۳ ۔ عہد طفلی مین ۔ ″ ″ ۱۰۰ ″ ″
۴ ۔ بلوغت مین ۔ ″ ″ ۹۱ ″ ″
۵ ۔ جوانی مین ۔ ″ ″ ۷۵ ″ ″
۶ ۔ بڑھاپے مین ۔ ″ ″ ۷۰ ″ ″
۷ ۔ نہایت ضعیفی مین ۔ ″ ۷۵ سے ۸۰ ″ ″

آلات تنفس

حرکات تنفس ۔ تشخیص مرض کے لئے تنفس کی حرکتون کا شمار کرنا بھی طبیب
کے لئے ضروریات سے ہے ۔ ترکیب اسکی یون ہے کہ بیمار کو چت لٹایا
جاوے ۔ اپنے ہاتھہ کو اوسکے شکم پر رکھہ دین ۔ اور اوس سے بات چیت
جاری رکھین ۔ تاکہ دم کی حرکتون مین فرق نہ آجاوے ۔ بہتر یون ہے کہ
تنفس کی حرکتون کو کان سے سنکر شمار کیا جاوے ۔

نوٹ ۔ دفعات ۳ و ۵ و ۶ مین اگر ۱۰ ضربات زیادہ کردین تو عورت کی نبض کی تعداد مل جاتی ہے ۔

تعداد حرکات تنفس

جیسے نبض کی حرکتون مین کئی باتون سے فرق پڑجاتا ھے - اسیطور سے تنفس کی حرکات مین بھی چند بواعث سے فرق ظہور مین آیا کرتا ھے - مگر علے العموم ایک منٹ کے عرصہ مین آدمی اٹھارہ دفعہ دم لیتا ہے - یعنی نبض کے چار ضربات کے عرصہ مین دم قریب ایک دفعہ لیا جاتا ہے +

نقشۂ ذیل تجربہ شدہ حرکات تنفس کا ہے

عمر	تعداد حرکات تنفس مرد	عورت
پیدایش کے وقت	۲۳ سے ۷۰	۶۸ سے ۲۷
پنج سال	۳۲	ایضاً
پندرہ۱۵ سال سے بائیس۲۲ سال	۲۴ سے ۱۶	۱۹
بائیس۲۲ سال سے پچیس۲۵ سال	۲۴ سے ۱۴	۱۷
پچیس۲۵ سال سے تیئس سال	۲۱ سے ۱۵	ایضاً
تیئس۳۰ سال سے پچاس۵۰ سال	۲۳ سے ۱۱	۱۹

میڈیکل تھرمامیٹر یعنی حرارت شناسی طب مین

اطبا زمانۂ حال نے مرض کے پہچاننے کے لئے طرح طرح کے آلات اور ترکیبین ایجاد کی ہین اسیطور پر بیماری کی تشخیص کیواسطے جسم کی حرارت کو بھی بذریعۂ آلہ کے معلوم کرتے ہین - اس آلہ کو انگریزی مین کلنی کل تھرمامیٹر بولتے ہین - یہہ آلہ چند ہی سال سے ایجاد ہوا ہے - سابق مین بخار کے بدن کو صرف ہاتھون سے چھونا مرض کی تشخیص کے لئے کافی سمجھتے تھے مگر جب سے کلنی کل تھرمامیٹر ایجاد ہوا ہے تب سے ہم ٹھیک ٹھیک ہندسون مین بتلا سکتے ہین کہ جسم کی حرارت کس درجہ پر ہے - اور اوسکی کمی بیشی سے ہم یہہ بھی کہہ سکتے ہین کہ بیماری کس درجہ پر ہے - اور شفا کب تک حاصل ہوسکتی

اِس آلہ کو کم از کم دو دفعہ دن میں ضرور ہی اوقات معینہ پر لگانا چاہیئے - یعنی
آٹھ بجے صبح اور آٹھ بجے شام کے وقت -
واضح ہو کہ بحالت صحت بغل کے اندر گرمی کا درجہ قریب ۹۸ء۴ ہوتا ہے -
اور اسکو انگریزی میں نارمل ٹمپریچر کہتے ہیں -
اور بعض دفعہ ۹۷ء۳ درجہ سے ۹۹ء۵ درجہ بلکہ سو درجہ تک بھی ہو جاتا ہے -
لیکن ۹۷ء۳ درجہ سے کم اور سو درجہ سے زیادہ گرمی ہو تو جاننا چاہیئے کہ جسم کے
اندر کوئی نہ کوئی خرابی ضرور پیدا ہو گئی ہے -
عمر - بہ نسبت جوانی کے بچوں اور بالغوں میں حرارت زیادہ ہوتی ہے -
اور بڑھاپے میں بھی گرمی پھر بڑھنے لگتی ہے -
وقت - صبح سے شام تک جسم کی گرمی بڑھتی جاتی ہے - اور تب دوسری صبح
تک بتدریج گھٹتی جاتی ہے - اور پھر بڑھنے لگتی ہے - غرض اسطور سے ۱ء۵ درجہ کا
فرق شب و روز میں پڑ جاتا ہے - الا بچوں میں زیادہ فرق ہوا کرتا ہے -

ترکیب حرارت شناسی کی

جسم کی حرارت کئی طور سے دریافت ہو سکتی ہے - چنانچہ ہاتھوں سے بھی
حرارت معلوم کی جاتی ہے - الا اسپر اعتماد کامل نہیں کیا جا سکتا - کیونکہ
ہاتھ اگر سرد ہوں تو اُن سے پختہ درجہ حرارت کا معلوم نہیں ہو سکتا - البتہ
سرسری طور سے کہہ سکتے ہیں کہ بدن مریض کا بہ نسبت صحت کے زیادہ گرم
یا زیادہ سرد ہے - مریض کے چہرہ کو چھونے سے جو کھلا ہوتا ہے ٹھیک حال
معلوم نہیں ہو سکتا - بلکہ مناسب اُس طور سے ہے کہ جسم پر جو کپڑوں سے
ڈھکا ہوا ہے - ہاتھ لگانا چاہیئے -
دوئم - ٹھیک ٹھیک حال حرارت کا دریافت کرنیکو ضرور آلہ کلینکل تھرما
میٹر استعمال میں لانا چاہیئے - حرارت شناسی کے لئے جو تھرما میٹر
بنتے ہیں وہ اکثر ۵ سے ۱۰ - انچ تک یا زیادہ لمبے ہوتے ہیں - اور ان پر
۹۰ یا ۹۵ درجہ سے ۱۱۰ درجہ تک یا ۱۱۵ درجہ تک نشانات کئے ہوتے ہیں -
کیونکہ حرارت غریزی کے یہہ انتہائی درجے ہیں -

بڑی لکیرون سے مراد ڈگری یعنی (درجہ) اور چھوٹیون سے مراد ڈگری کے حصہ ہین۔
اور چونکہ ہر ڈگری ان چھوٹی لکیرون سے پانچ مساوی حصون مین منقسم ہوتی ھے۔
اسلئے یہہ فی لکیر مساوی ہے ایک پانچوین حصہ کے ؛

طریق استعمال کلی نی کل تھرمامٹر

جسوقت مریض کو تھرمامٹر لگانا منظور ہو تو پہلے اوسکے بلب کو پانی سے سرد کر کے جھکانے یا صرف آہستہ آہستہ جھکا دینے سے انڈکس کو ۹۶ درجہ پر کر لین۔ بدن کے مختلف مقامات مثلاً مقعد۔ دہن۔ اور بغل وغیرہ مین تھرمامٹر لگاتے ہین۔ الا بہتر اور سہل مقام بغل کا ہی ھے۔

جب اس آلہ کو بغل مین رکھنا ہو تو اول بغل کو کپڑے وغیرہ ہٹاکر پسینہ پونچھکر تھرمامٹر کی بلب کو پانچ منٹ تک بغل مین ایسا دبا رکھین کہ ہوا وغیرہ سرایت نکرے۔ اس عرصہ مین چونکہ دوران خون بدن مین ایک دفعہ کامل ہو چکتا ھے۔ اسلئے تھرمامٹر کو جسم سے علیحدہ کرنے کے وقت جس درجہ پر انڈکس کا بالائی سر ہوگا اوس سے یہہ سمجھنا چاہئے کہ مریض کی حرارت غریزی اتنے درجہ پر ہے۔ تھرمامٹر کو لگانے کے بعد ہمیشہ پانی یا کاربالک لوشن سے صاف کر لینا چاہئے تاکہ مریض سے دوسرے شخص کو مرض کی سرایت کرنیکا احتمال نرہے ؛

پازیولوجیکل ٹیبل
یعنی
نقشہ اوزان ادویہ مطابق عمر

قبل اسکے کہ بیان قاعدے سی یعنی وزن کرنیکا دواؤن کا قاعدہ اور نقشہ اوسکا درج کیا جاوے یہہ امر ظاہر کرنا ضرور ہے کہ بر موقعہ دینے نسخے مریض کو یا بر وقت تیار کرنے ادویات نسخے کے عمر کا لحاظ ضروری جانکر مقدار دوائی کی قرار نقشہ ذیل عمل مین لانے چاہئے۔ تاکہ نقصان عاید ہونیکا اندیشہ مفقع ہو جاوے۔ مثلاً اگر جوان آدمی کو واسطے مقدار خوراک کسی دوا کی تعین رکھی ہے تو کمی بیشی عمر مین بحساب خوراک کی تعداد بدلتی جاوے۔

جیسا کہ اِس نقشہ سے ظاہر ہے ۔

تعداد عمر	مقدار دوا
ایک سال تک	بارہوان حصہ یعنے ڈہائی رتی
دو سال	آٹھوان حصہ یا پاونے چار رتی
تین سال	چھٹا حصہ یا پانچ رتی
چار سال	چوتھا حصہ یا ساڑہے سات رتی
سات سال	تیسرا حصہ یا دس رتی
چودہ سال	نصف حصہ یا پندرہ رتی
بیس سال	دو تہائی حصہ یا بیس رتی
اکیس سال پر	پوری خوراک یا تیس رتی

ساٹھہ برس تک پوری خوراک دوا کی دینی چاہئے اور جب عمر ۶۵ سال سے تجاوز کر جاوے تو پھر درجہ بدرجہ مقدار دوا کی بھی کم کرتے جانا چاہئے ۔

بیان فارمیسی یعنے دواؤن کے وزن کرنیکا قاعدہ

دوا کو بذریعہ کیمیکل یا فزیکل اصول کے تیار کرنیکو فارمیسی کہتے ہین یعنے یہ کہ کن کن طریق سے مفردات یا مرکبات بلا بگڑنے کے بن سکتی ہین ۔ چونکہ بیشتر اور مقررہ اوزان پیمانے وغیرہ دواسازی اور دوا کے کھانے پینے مین مستعمل اور مروج ہین ۔ اسلئے اونکا ذکر ذیل مین کیا جاتا ہے وزنون اور پیمانونکی نسبت اور تحریر کے لئے خاص خاص علامتین ہین اور نسخونمین ہمیشہ یہی درج ہوا کرتی ہین ۔

وزنون کی علامات		پیمانون کے علامات	
گرین	gr.	منم	m.
سکروپل	3	ڈرام	3
ڈرام	3	اونس	3
اونس	3. oz. 3I.	پائینٹ	O
پاونڈ	lb (Libra)	گیلن	C

متذکرۂ بالا وزنون اور پیمانون کے تعداد اور مقدار وغیرہ ظاہر کرنے کے لئے ان
علامات کے رومی ہندسے لکھے جاتے ہین — مثلاً اگر کسی دوا کا چار ڈرام مقدار
نسخہ مین درج کرنا ہے تو اسکو اسطرح لکھینگے — چار ڈرام = ʒIV

رومی ہندسے ذیل مین ہین —

۱	=	I	۱۶	=	XVI
۲	=	II	۱۷	=	XVII
۳	=	III	۱۸	=	XVIII
۴	=	IV	۱۹	=	XIX
۵	=	V	۲۰	=	XX
۶	=	VI	۳۰	=	XXX
۷	=	VII	۴۰	=	XL.
۸	=	VIII	۵۰	=	L.
۹	=	IX	۶۰	=	LX.
۱۰	=	X	۷۰	=	LXX.
۱۱	=	XI	۸۰	=	LXXX.
۱۲	=	XII	۹۰	=	XC.
۱۳	=	XIII	۱۰۰	=	C.
۱۴	=	XIV	۵۰۰	=	D.
۱۵	=	XV	۱۰۰۰	=	M.

شفاخانون مین ۲ دو قسم کے وزن جنکو (اورڈو پائس) اور (اپاتھیکریز) ویٹس یعنے وزن بولتے ہین — یہ نہ خشک ادویات کے برتنے کے لئے برتے جاتے ہین —

اپاتھے کیریز ویٹس

۲۰ گرین کا - اسکروپل = ℈ ا	نوٹ - ان وزنون کو گرین
۳ سکروپل کا - اڈرام = ʒ ا	ویٹس کے نام سے شفاخانون
۸ ڈرام کا - ا اونس = ℥ ا	مین بولتے ہین +
۱۲ ڈرام کا - ا پاونڈ = lb ا	

اورڈو پائیز ویٹس

۱۶ ڈرام کا - ا اونس = ℥ ا } اسکے ایک اونس مین ½۴۳۷ گرین ہان
۱۶ اونس کا - ا پاونڈ = lb ا } اور پاونڈ مین ۷۰۰۰ گرین ہان

نوٹ - شفاخانون مین اس قسم کے وزن ٹو پاونڈ ڈون ویرڈس
اور فور اونس ڈون ورڈس کے نامون سے موسوم ہان +

سیال ادویہ کے پیمانے یعنے وزن عرقیات

۶۰ منم کا	ایک ڈرام	=	fl ʒ i یا f 3i
۸ ڈرام کا	ایک اونس	=	fl ℥ i یا f ℥ i
۲۰ اونس کا	ایک پاینٹ	=	O i
۸ پاینٹ کا	ایک گیلن	=	C i

پیمائش کے پیمانے

۱ - لاین	=	۱/۱۲ انچہ کے	=	۱/۱۲ "
۱۲ - لاین	=	۱ - انچہ کے	=	۱ "
۱۲ - انچہ	=	۱ - فیٹ کے	=	۱ '
۳ - فیٹ	=	۱ - یارڈ یعنے گز کے	=	I yd

نوٹ - ۲" × ۳" = ۲ - انچہ عرض ۳ - انچہ طول -
علے ہذا القیاس فقط

عرقیات کے پینے کے عام رائج پیمانوں کو دیکھو

ٹی سپون	یعنے چائے پینے کا چمچہ	برابر ہے	ایک ڈرام کے
ڈیزرٹ سپون	یعنے کھانا کھانیکا چمچہ	ایضاً	۲ - ڈرام کے
ٹیبل سپون	یعنے سالن لینے کا چمچہ	ایضاً	۴ - ڈرام کے
ڈو ٹیبل سپون	یعنے ایضاً	ایضاً	۱ - اونس کے
واین گلاس	یعنے شراب پینے کا گلاس	ایضاً	۲ - اونس کے
ٹمبلر	یعنے پانی پینے کا گلاس	ایضاً	۸ - اونس کے

دیسی وزن دوائی تولنے کے

۴ - چاول کی	ایک رتی
۸ - رتی کا	ایک ماشہ
۱۲ - ماشہ کا	ایک تولہ
۵ - تولہ کا	ایک چھٹانک
۱۶ - چھٹانک کا	ایک سیر

دیسی اور انگریزی وزنوں کا مقابلہ

ایک چاول یا دہان	برابر ہے	قریباً ½ گرین کے
چار دہان یا ایک رتی	ایضاً	۱۸۷۲ گرین کے
ایک ماشہ یا آٹھ رتی	ایضاً	۱۵ گرین کے
۱۲ ماشہ یا ایک تولہ	ایضاً	(۱۸۰ گرین) ۳ ڈرام کے
پانچ تولہ یا چھٹانک	ایضاً	(۹۰۰ گرین) ایک اونس ۷ ڈرام کے
۱۶ چھٹانک یا ایک سیر	ایضاً	۲ - پونڈ ۴ - اونس یا تھیے کیرین - / ا - پونڈ ۱۴ - اونس اور ڈو یائیت

نوٹ - اُٹھنی برابر ہے - ۹۰ گرین کے - چوانی برابر ہے ۴۵ گرین کے +

فارمیسی کی ترکیبین قرار تفصیل ذیل ہین

۱ - پلوی رائی زیشن - بذریعہ مستی - آہنی - سنگی - یا چینی - ہاون کے کسی شیئے کو کوٹکر سفوف کرنے کو کہتے ہین - اور جس شئے کو کوٹنا ہو وہ خشک ہونی چاہیئے - اور اُسکو تہوڑی تہوڑی ڈالکر کوفتہ کرنا چاہیئے -

۲ - ٹرِیچیو ریشن - دوائی کو ہاون مین خوب رگڑکر نہایت باریک سفوف کرنیکو کہتے ہین -

۳ - لیوی گیشن - دوا مین ایسا عرق ملاکر کہ جس مین وہ حل نہ ہو - سِل بٹے پر پیسنے کو کہتے ہین -

۴ - گرین لیو یشن - سے مراد یہہ ہے کہ کسی دوا از قسم دہات کو پگہلا کر بذریعہ اسپچولا وغیرہ کے سرد ہونے تک الٹا ہلاناکہ باریک دانے بنجادین - یا سرد پانی مین اوسکو قطرہ قطرہ کرکے ڈالنے سے دانے بنانا -

۵ - سفٹنگ - بذریعہ چہلنی یا کپڑے کے سفوف شدہ دوا کے چہاننے کو کہتے ہین -

۶ - ایلوٹری ایشن - کسی دوا کے ہوئے ٹکڑون کو اوسکے باریک اجزا سے پانی مین دہونے اور نتہار کر علیحدہ کرنیکو کہتے ہین - جیسا کہ کہڑیا مٹی -

۷ - فلٹریشن - بوساطت فلٹر یعنے ٹکڑہ فلالین - کپڑا - یا فلٹرنگ پیپر یعنے کاغذ - کے عرقیات کہ جنمین انجماد موجود ہو - چہانکر اونکے صاف حصہ کو علیحدہ کرنا کہلاتا ہے - ہمیشہ گلاس فنل یعنے بلوری پیک پر فلٹر رکھکر چہاننا چاہیئے - جب بہت مقطر اور صاف عرق نکالنا مقصود ہو تو فلٹرنگ کاغذ استعمال کرنا چاہیئے -

۸ - پرکلو ریشن - یہ ترکیب ٹنکچرون کی تیاری مین آتی ہے پہلے دوا کو بپیکر الکحال وغیرہ مین نم کرتے ہین پہر پرکلو ریٹر مین اوسکی تہ جماکر اوسپر حسب ضرورت ایل کحال وغیرہ ڈالین - اور مایہ رواند پر

رکھدین - اسمین ٹنکچر قطرہ قطرہ ٹپک کر جمع ہوتا ہے -

۹ - ئے سی رہیشن - اس ترکیب سے خیساندہ تیار ہوتا ہے - دوا کو پہلے جوکوب کرکے انفیوژن پاٹ یعنے خیساندہ کے برتن مین بھرین - بعد ازان اُسمین حسب ضرورت کھولتا ہوا پانی ڈالکر معینہ عرصہ تک سرپوش دیکر رکھہ چھوڑین - پھر چھان لین - کلمبا اور کواشا کے خیساندے صرف سرد پانی سے تیار ہوتے ہین -

۱۰ - ڈیکاکشن - اس طریق سے جوشاندہ بنایا جاتا ہے - ڈیکاکشن پاٹ یعنے جوشاندہ کے برتن مین دوا ڈالکر حسب ضرورت پانی آمیز کرکے آگ پر متقررہ وقت تک جوش دینے کے بعد چھان لینے سے جوشاندہ بنتا ہے -

۱۱ - ایکس پریشن - کسی شی کی رطوبت مثلاً روغن بادام - عرق لیمو وغیرہ کو نچوڑکر نکالنے کی ترکیب کو کہتے ہین -

۱۲ - ای ویپوریشن - کھلے برتن مین کسی تر شی کو ڈالکر آنچ سے ابخرون مین اوڑانے سے برتن کے پیندے مین اوسکی قلمین جمانے کو کہتے ہین -

۱۳ - ڈس ٹی لیشن - بذریعہ بھٹی کے عرق کھینچنے کو کہتے ہین -

۱۴ - سبلی میشن - اس سے مراد کسی دھات کو آگ سے اوڑاکر صاف کرنا - اور برتن کے سرپوش پر جمانا ہے - جیسے گندھک - پارہ - آیوڈین وغیرہ -

۱۵ - سولیوشن - اسکے معنے یہہ ہین کہ دوا پانی مین ایسی حل ہوجاوے کہ پانی کا رنگ نہ بدلے - اور بدستور شفاف رہے -

۱۶ - ایکس ٹرکشن - کسی دوا کے خیساندہ یا جوشاندہ کو آنچ سے گاڑھہ کرنے سے رب یعنے ست تیار کرنے کو ایکس ٹریکشن بولتے ہین -

۱۷ - پلولا - ادویات کو ملاکر گولی بنانا ہو تو پہلے خوب کوفتہ و بیختہ کرین پھر باہم ملاکر لعاب گوند سے اچھی طرح گوندھین - اور گولیان بنالین - مگر یاد رہے کہ چار یا پانچ گرین سے زیادہ وزن مین گولی نہ ہو - کڑوی دوا کی گولی پر اکثر چاندی کے ورق لپیٹا کرتے ہین -

۱۸ - (لینی منٹ) اُن ادویات کو یا روغن کو کہتے ہین جنکا لیپ یا مالش

بدن پر پہنچاتی ہے۔

۱۹ ۔ گارگرسما ۔ دوا کا غرغرہ یا کُلی کرنے کو کہتے ہیں ۔

۲۰ ۔ انجکشن و انیما ۔ ادویات کو مقعد یا فرج وغیرہ میں پچکاری کے ذریعہ پہنچانے کو کہتے ہیں ۔

(نوٹ)

چونکہ حفظ صحت کے اصول ۔ پہچان مزاج ۔ نبض ۔ طریقہ استعمال کلینی کل تھرمامیٹر اوزان ادویات خشک و سیال اور اونکا استعمال کرنا وغیرہ وغیرہ مفصل طور پر اوپر بیان ہو چکا ہے ۔ اسلئے قبل اسکے کہ نام امراض اور اون کے لئے نسخہ جات وغیرہ درج ہوں یہہ لازمی و مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اول اپیڈیمکس یعنے وبائی بیماریوں کا حال معہ تدابیر مدافع اون کے ذیل میں لکھا جاوے ۔

اپی ڈیمکس یعنے وبائی بیماریونکا مختصر حال

وبائی بیماریان آگ بگولے کی موافق ایک ہی وقت مین ایسے زور وشور سے پھیلتی ہین کہ ہزار ہا خلق اللہ کی جانین انکے باعث تلف ہوجاتی ہین - بعض اونمین سے ایسی خطرناک ہین کہ بیمار انکے پنجہ سے بصد مشکل رہائی پاتا ہے - چونکہ ایسی بیماریون کے دنون مین کہ وہ ہراسان وپریشان رہتے ہین - اسلئے بہتر ومناسب ہے کہ جہانتک ممکن ہو اوسکے دفعیہ وبیخکنی مین ہر ایک فرد بشر سعی وکوشش کرے - اس قسم کی بیماریان ہیضہ اسہال پیچش انٹرک فیور یعنے تپ محرقہ ارسی پی لس یعنے سرخ باد افتھلمیا یعنے آشوب چشم ٹیفوائیڈ ریلیپسنگ ریمٹنٹ فیور یعنے سود کی تپ اسمال پاکس یعنے چیچک انفلوئنزا وغیرہ وغیرہ ہین -

مختصر تدابیرات بیماریونکے روکنے کے لئے

۱ - وبائی بیماریون کا زہر اسکے ہر ایک بیمار مین پایا جاتا ہے -

۲ - یہہ زہر مریض کے بول وبراز پسینے اور تہوک وغیرہ کے ذریعہ بدن سے خارج ہوتا ہے -

۳ - یہہ چیزین ہوا اور پانی مین ملکر انکو خراب کردیتی ہین - اور اونکے ذریعہ تندرست انسان مین اس قسم کی بیماریون کا زہر پہونچتا ہے - یعنے بیمار کے کمرہ کی ہوا سونگہنے یا اس قسم کی بیماری مین مبتلا بیمار کے بول وبراز وغیرہ کے ریزون کے تندرست انسانون کے پینے والے پانی مین اور ہوا مین ملجانے سے یہہ متعدی بیماریان آگ بگولے کی طرح بھڑکتی ہین -

۴ - وبائی دنون مین صفائی کا بہت ہی خیال رکھنا چاہئے - یعنی گھرون اور عام جگہون مین کوڑا وغیرہ کے ڈہیر نہین ہونے چاہئے - بلکہ اگر کسی جگہ ایسے ڈہیر مدت سے موجود ہون تو انکو اٹھوانا مناسب نہین - کیونکہ مدت کے جمع شدہ اروڑی کو ایسے موقعہ پر اوٹھانے سے عفونت آمیز ابخرے پہیل کر ہوا کو اور بہی خراب کرینگے -

۵ — ایسے مقامات پر خشک مٹی اور دیگر دافع عفونت چیزیں ڈالدیں — تاکہ اُس گندگی میں سے عفونت پذیر ابخرے نہ نکل سکیں –

۶ — اپنے اپنے گھروں کو ہر روز صاف اور پاکیزہ رکھنا چاہیئے –

۷ — گلی کوچوں اور بدررؤں کی طرف ملازمان صفائی کی خاص توجہ ہونی چاہیے –

۸ — انبوہ کا جمع ہونا بھی ممنوع ہے – بلکہ میلے وغیرہ ایسے موسموں میں نہیں ہونے چاہیئے – کیونکہ ایک تو ہوا پہلے ہی بگڑی ہوئی ہوتی ہے – دوسرا انبوہ کے بافراط جمع ہونے کے اور ناقص اشیائ خوردنی وغیرہ کے باعث بیماری کے زیادہ تر بڑھنے کا خطرہ ہوتا ہے –

۹ — عموماً لوگ جہالت و نافہمی کے باعث بول و براز ادہر اُدہر کر ڈالتے ہیں جو اُسی جگہ پڑا رہنے کے سبب سے بوسیدہ ہوکر ہوا اور پانی میں جا ملتا ہے –

۱۰ — گلی کوچوں کے ویران مکانات و مقامات پر عوام الناس کو کوڑا کرکٹ پہینکنے سے بخوبی مانع ہونا اور روکنا چاہیئے –

۱۱ — مکانات سکنی کے دریچے اور روشندان ہر وقت کہلے رکھنے چاہیئے تاکہ ہوا کی آمد و رفت اچھی طرح سے جاری رہے –

۱۲ — متعدی بیماری والے اور ایسے اشخاص کو جن سے بیماری کا زہر پھیلنے کا احتمال ہو عام لوگوں کو ملنا ملانا نہ چاہیئے –

۱۳ — آبادی کی کسی جگہ پر متعفن بوسیدہ چیزیں اکٹھی نہ ہونی چاہیئے – اگر کہیں ہوں تو اون کے فوراً اُٹھانے میں کوشش کرنی چاہیئے – ورنہ بحالت ناممکن ہونے کے وہاں دافع عفونت ادویات اور خشک مٹی ڈلوا دینی چاہیئے – تاکہ اُس سے بو نہ نکلنے پاوے –

۱۴ — خاص و عام پاخانجات – موریوں – پیشاب گاہ – چہپر – تالاب – وغیرہ کی صفائی کو بہت مدِ نظر رکھنا چاہیئے – بلکہ دافع عفونت ادویات مثلاً فنایل اور کاربالک ایسڈ ڈالنی چاہیئے – اور مکانات گلی کوچوں میں گندہک کافور گوگل دہوپ وغیرہ کو جلانا مناسب ھے –

۱۵ — ایسی وبائی موسم میں پینے والے پانی کی طرف خاص توجہ چاہیئے – بلکہ

ہوسکے تو پانی ابال کر اور فلٹر کر کے پینا چاہیئے - بحالت ناممکن ہونیکے ہمیشہ پانی کے بدلے گرم خیسانده چائے کا استعمال کرین -

۱۶ - اگر آبادی مین بیماری کا زور ہو تو چاہیئے کہ بستی سے باہر کھلے میدان مین چند روز رہائش اختیار کرلین -

۱۷ - اگر کسی متعدی بیماری کے روکنے کا کوئی علاج ہو تو تندرست انسانونکو فوراً علاج کرانا چاہیئے - جیسا کہ چیچک کا علاج ٹیکا لگانا ہے -

۱۸ - خوردنی اشیاء وغیرہ کا ہر ایک متنفس کو خیال مدنظر رکھنا چاہیئے - چونکہ غربا و مساکین بباعث تنگدستی وغیرہ کے مجبور ہوتے ہین - اسلئے صاحبانِ مقدور کو چاہیئے کہ ایسے موقعہ پر خواہ ابنائے جنس کے لحاظ سے خواہ اپنی ذات کی محافظت کی خاطر ایسے لوگونکی پرورش اور کھانے وغیرہ کی نگرانی رکھین -

۱۹ - ایسے دنون مین علاوہ عمدہ اور نفیس کھانے کے پوشاک اور صحت بدنی کا پورا خیال رکھنا چاہیئے -

۲۰ - ان دنون مین ماتم پرسی کے لئے اگر ہوسکے کسی کے مکان پر نہ جاوے - اور اگر لازمی معلوم ہو تو خالی معدہ نہین جاوے - یعنے گھر سے نکلنے کے پہلے ہمیشہ کچھہ کھا لینا یا چائے کافی پیکر جاوین -

۲۱ - جس شخص کو اس قسم کی بیماری کے علامات نمایان ہوتے ہوئے دیکھے جاوین - تو اوسکو فوراً حکیم کے زیر علاج کرنا چاہیئے - اور تنگ و تاریک مکان مین رکھنا مضر صحت ہے -

۲۲ - ایسے بیمار کو حتی المقدور علیحدہ الگ مکان مین رکھنا چاہیئے - اور جہانتک ممکن ہو ضرورت سے زیادہ خدمتگار نہون -

۲۳ - ہیضہ کے دنون مین کچی سبزیات - میوہ جات وغیرہ کدو - کھیرے خربوزہ - ہرگز نہین کھانے چاہیئے - جہان تک ممکن ہو بازاری دودھ اور مٹھائی سے بھی پرہیز رکھین -

۲۴ - ایسے بیمار کے پاس حتی الامکان نہین جانا چاہیئے - اگر رشتہ داری وغیرہ کے لحاظ سے جانا لازمی ہو تو اُسکے کمرہ مین ہرگز کوئی چیز نہین کھانی چاہیئے -

اور باہر کمرہ سے نکلتے ہی ناک مُنہ اور ہاتھوں کو خوب صاف کر لیوے -

۲۵ - بیمار کی خوراک اور پوشاک اور دیگر قسم کی صفائی وغیرہ کا بہت خیال رکھنا چاہیئے - اوسکے میلے کپڑے لاپرواہی سے اِدہر اودہر نہین پہینکنے چاہیئے - پہلے تو اُسی وقت گرم پانی سے صاف کر لین یا اگر کم قیمت ہوں تو اُنکو جلا دین کپڑون کو دہونے کے بعد ضرور کاربالک لوشن یا فینایل دوائی چہڑکین اگر یہہ دستیاب نہوں تو انکو گندہک کی دہونی دین - یا کروسیو لوشن یعنے رس کپور کے پانی سے دہوئین -

۲۶ - مریض کے بول وبراز اور تہوک وغیرہ کو فوراً مریض سے بچا کر ایسی جگہ رکہین یا دبا دین کہ تندرست انسانون تک اُنکی عفونت نہ پہونچ سکے - اور جس برتن مین بول وبراز لیا جاوے اوسمین خشک مٹی ہونی چاہیئے - اوس برتن مین بعد رفع حاجت کے بہی خشک مٹی ڈال دین - تاکہ اوسکی بو نکلکر تندرست انسانون کو مضر صحت نہ پڑے - خدمتگار اور حکیم کو جہانتک ممکن ہو ایسے بیمار کے ہوائے تنفس سے پرہیز کرنا چاہیئے - اور اوسکے غلاظتون کے ابخرون سے بہی بچنا چاہیئے -

۲۷ - خدمتگار یا رشتہ دار کو جو بیمار کے پاس رہے مناسب ہے کہ بیمار کے کمرہ سے باہر آنکر ہاتہہ مُنہہ یعنی وغیرہ خوب صاف کر لیا کرے - بلکہ ممکن ہو تو کپڑے بہی بدل ڈالے -

۲۸ - بیمار کے ہاتہہ کی یا اوسکی چہوئی ہوئی چیز ہرگز نہ کہانی چاہیئے -

۲۹ - کپڑے یا بستر وغیرہ جو کسی متعدی بیماری والے مریض کے کام مین آئے ہوں تو اونکو ذیل کے طریق سے صاف کر لینا چاہیئے - لحافون تکیون وغیرہ کے شمولات نکالکر کہلی ہوا مین رکہین - اور اگر ممکن ہو تو ۲۰۲ درجہ کی گرمی مین کم از کم دو گہنٹہ تک رکہین - اور بعد ازان اون کو گندہک یا رس کپور کے پانی مین خوب جوش دیکر اور دہوکر دہوپ مین خشک کر لین +

مرض ہیضہ اور اوسکے دفعیہ کی تدابیر و علاج

یہہ ایسی موذی مرض ہے کہ اکثر یک لخت اور بڑی جلدی پہیل جاتی ہے - تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ اِسکے پہیلنے کی طاقت دیگر متعدی امراض کی طرح فناتی کمزوری اور ناصحت بخش حالت پر مدار رکہتی ہے - اسلئے مناسب ہے کہ اسکے روکنے کی تدابیر اسکے آغاز سے پیشتر ہی کی جاوین -

علامات

۱ - مثل چاولون کی پیچہہ کے یا کانجے کے پانی کے رنگت کے دستونکا آنا -
۲ - تشنگی و پیاس کا بہ شدت بہڑک اوٹہنا -
۳ - بےچینی اور بےقراری کا ظاہر ہونا -
۴ - دفعتاً پیشاب کا بند ہوجانا -
۵ - تمام اعضائے بدنی خاصکر ہاتہہ پاؤن معدہ اور پنڈلیون مین باربار تشنج کا ہونا -
۶ - آناً فاناً تمام طاقتون کا بےحس ہوجانا -
۷ - آنکہون کا اندر گہس جانا - اور آنکہے گرد گڑہون کا پڑجانا -
۸ - تمام جسم کا مانند برف کے سرد ہوجانا -
۹ - دل کا ڈوبتے ہوئے معلوم ہونا -
۱۰ - ہچکیان کا باربار ہونا اور ستانا -
۱۱ - دماغ مین اجتماع خون کا ہوجانا کہ جس سے جسم اور آنکہون کی رنگت کا سرخی نما ظاہر ہونا -
۱۲ - بدن کی جلد اور منہہ مین خشکی کا محسوس ہوجانا -
۱۳ - ہاتہہ پاؤن کی انگلیان کا سکڑ جانا -
۱۴ - نبض کا ۵۷ درجہ تک عموماً حرکت کرنا عرصہ ایک منٹ کے اندر وغیرہ وغیرہ علامات اِس مرض کے اِکسائیٹنگ کاز یعنے اشتعال دینے والے ہین -

علاج

شروع مین جب گھبرائے یا امتلاء ہونے لگے - اور یہہ معلوم ہو کہ قے آنیوالی ہے تو ایک عدد تازہ کاغذی لیمو یا نگترہ کا رس نچوڑ کر اوس مین قدرے نبات اور تازہ پانی ملا کر پلا دینا چاہیے - اگر لیمو دستیاب نہ ہو سکے تو سائٹرک ایسڈ یا ٹارٹارک ایسڈ یا ست املی یا آلو بخارا بموجب قاعدہ مذکورہ بالا تیار کر کے دو یا تین دفعہ جب تک کہ مریض کی طبیعت درستگی حالت اصلی پر نہ آجاوے برابر پلاتے رہین سرکہ پیاز اور پودینہ کی چٹنی بھی اُس حالت مین مفید ہے -

اگر بعد قے کے معلوم ہو کہ دست آنے والے ہین - تو اسٹرانگ اسپرٹس آف کیمفر ۴ سے ۶ بوند کی مقدار مین دس دس منٹ کے بعد دینا چاہیے - اور علامتون کو جب تخفیف ہوجاوین تب گھنٹہ گھنٹہ بعد دینا کافی ہے - اگر اس دوا سے فائیدہ نہ ہو تو دستون کے روکنے کے واسطے کوشش کرنی چاہیے - یعنی کیاپوتیل (ا گرین) افیون (۲ گرین) کی دو گولی بنا کر بیمار کو کہلاوین - قے ہو جاوے - تو ایسی ہی دو گولیان پہر تیار کر کے کہلاوین - اگر پہر بھی دست بند نہ ہون تو ان ذیل کے نسخہ جات مین سے استعمال کرا دین -

۱ - کلوروڈاین جوان آدمی کو طاقت کا خیال کر کے ۳۰ بوند یا ۴۰ بوند ایک پوری خوراک دیدیوین -

۲ -

چاک مکسچر	ٹنکچر آف کے ٹے کیو	ایکسٹراکٹ آف لاک ووڈ
ایک اونس	ایک ڈرام	۲۰ گرین

گھنٹہ گھنٹہ یا دو دو گھنٹہ بعد پلاوین -

۳ -

شوگر آف لڈ	ڈائیلوٹ اسی ٹک ایسڈ	ٹپکایا ہوا پانی
۳ گرین	۳ بوند	ایک اونس

سبکو ملالین بیمار کو دو دو یا تین تین گھنٹہ بعد دیتے رہین -

۴ - کالرہ پلس

ہینگ	سفوف سرخ مرچ	افیون	سبکو ملا کر گولیان
۲ گرین	ایک گرین	ایک گرین	

بنالین اور بیمار کو دیتے رہین - اکثر مفید پڑتی ہین - بچہ کو ہرگز نہ دین -

۵ - ما ئنک اسپرٹ امونیا ½ ڈرام مع یا برانڈی نصف چھٹانک تب تک دیتے رہین

کہ مریض خاص سرور کی حالت پر ہو جاوے - اس سے دو فایدے ہونگے ایک تو بیمار کے جسم کی طاقت رہیگی - دویم اسہال بند ہو جاوینگے -

۶ - پیور کاربالک ایسڈ ۵ گرین امونیا کاربوناس ۵ گرین ٹنکچر اوپیم ۱۰ یا ۱۵ بوند

میوسلیج اکاشیا ایک ڈرام اکوا یعنے آب مقطر ایک اونس سبکو ملاکر دو دو گھنٹہ کے بعد

شروع مین دینا چاہئے - اس عرق مین کاربالک ایسڈ کو پہلے میوسلیج مین حل کرلین - چار خوراک سے زیادہ ہرگز نہین دین - مبادا کہ کاربالک ایسڈ سے زہر نہ ہو جائے -

۷ - ٹنکچر اوپیم ۵ ابوند ٹنکچر کٹی کیو ۳۰ بوند ایسڈ سلفیورک ڈایلوٹ ½ ڈرام

آیل سنی مومائی ۲ بوند اکوا یعنے تازہ صاف پانی ایک اونس سبکو ملاکر گھنٹہ گھنٹہ

بعد دیتے جاوین -

۸ - گیالک ایسڈ ۱۰ گرین ڈایلوٹ سلفیورک ایسڈ ۲۰ بوند پانی صاف تازہ ایک اونس

سبکو ملاکر دن مین تین تین یا چار چار دفعہ دیا کرین -

۹ - لیکوئیڈ اکسٹرکٹ آف کوٹو یارک ۵ یا ۸ بوند واٹر یعنے پانی تازہ صاف ایک اونس

پندرہ منٹ مین چار بار دینے سے گو کیسے ہی سخت اسہال ہون فوراً اور شرطیہ بند ہو جاتے ہین -

۱۰ - پلمبائی اسیٹاس ۵ اگرین کنفکشن آف روزیز ۱۰ گرین میوسلیج اکاشیا حسب ضرورت

اُوپیم (۴ گرین) انکی آٹھہ گولیان بنالین اور ہر ایک دست یا قے کے بعد ایک ایک گولی دینی چاہیے ۔

۱۱ — لیکوڈ اکسٹرکٹ آف بیل (½ درام) ڈل واٹر (ایک اونس) ہر دو ملاکر ہر ایک دست یا قے کے بعد دین ۔

۱۲ — کلوروڈین (۱۵ بوند) واٹر تازہ صاف (ایک اونس یا نصف چھٹانک) اِسکی ایک خوراک ہے ۔ جوان کو ایسی خوراک تین گھنٹہ کے بعد اور تین سال کے بچہ کو ¼ حصہ اسکا دے سکتے ہین ۔

۱۳ — ڈایلوٹ سلفیورک ایسڈ (۱۰ بوند) ٹنکچر کیمفر کمپونڈ (۳۰ بوند) پیپرمنٹ واٹر (ایک اونس یا نصف چھٹانک) اِنکو ملاکر ایک خوراک بناؤ ۔ چار سالہ طفل کو اسکا ⅕ حصہ دے سکتے ہین ۔

۱۴ — بیل گری (۴ ماشہ) پوست انار (۴ ماشہ) آنبہ کی گٹھلی (۴ ماشہ) گل دہاوا (۴ ماشہ) سونٹھہ (۴ ماشہ) سبکو ملاکر سفوف بنالین ۔ جوان کو سرد پانی سے بقدر ڈو ماشہ اور بچہ دو سالہ کو ½ ماشہ ہمراہ شیر کے استعمال کراوین ۔

۱۵ — کتھہ (۵ ماشہ) مصری (۶ ماشہ) اجمود (۳ ماشہ) پیپل کے درخت کا خشک چھال (۳ ماشہ) بیل گری (۳ ماشہ) دارچینی (ایک ماشہ) مازو (۲ ماشہ) سونف (۳ ماشہ) اِن سبکو باریک کوٹ چھان کر سفوف کرین جوان کے لئے ایک خوراک بقدر چار ماشہ اور بچہ کے لئے ½ ماشہ دینی چاہیے

تدبیر قے بند کرنے کی

۱ — معدہ کے مقام پر ایک بڑا چوڑا استار کی شکل کا مسٹرڈ پلاسٹر لگاوین ۔

اور کھانیکے لئے ادویات ذیل کا استعمال کراویں۔

۲۔ دریائی نارجیل کو گلاب میں گھسکر پلاویں۔ یا زہر مہرہ کو اسی ترکیب سے دیں۔

۳۔ انفیوژن آف کلوس بھی اس موقعہ پر بہت کام دیتا ہے۔

۴۔ ٹنکچر کارڈی مم کمپونڈ ½ ڈرام سوڈا کاربوناس ۱۵ گرین اسپرٹ امونیا ارومائک ½ ڈرام ٹنکچر جنجر ½ ڈرام ڈل واٹر ایک اونس اس کو گھنٹہ گھنٹہ کے بعد تین دفعہ دینے سے قے بالکل بند ہو جاتی ہے۔

۵۔ کریازوٹ ۲۰ بوند میوسلج اکاشیا ایک ڈرام ڈل واٹر ایک اونس ایسی تین چار خوراک دینے سے قے بند ہو جاتی ہے۔

۶۔ عرق گلاب۔ بید مشک۔ عرق کیوڑہ وغیرہ خوشبودار عرقیات کے پلانے سے قے بند ہو جایا کرتی ہے۔

پیاس اور گرمی کی دوا کرنیکی تدبیر

اگر برف کے چند ٹکڑے میسر آویں تو بیمار کو منہ میں دیتے رہیں۔ بلکہ مختلف اقسام کے شربت۔ مثلاً شربت انار۔ شربت بنفشہ۔ شربت نیلوفر۔ عرق گلاب۔ بید مشک۔ کیوڑہ۔ ملاکر دینے سے بھی پیاس تخفیف ہو جایا کرتی ہے۔

۲۔ سوڈا واٹر۔ لیمونیڈ واٹر۔ بھی استعمال کرایا جاتا ہے۔

۳۔ کریم آف ٹاٹار ۲ ڈرام۔ ڈائلوٹ سلفیورک ایسڈ ۲ ڈرام۔ نبات ۳ تولہ۔ پانی تازہ صاف ایک بوتل

ان سبکو ملاکر بوتل میں رکھیں اور تین چار دفعہ متواتر دینے سے پیاس و گرمی فرو ہوتی ہے۔

۴۔ تمر ہندی۔ آلو بخارا۔ کالعاب ہمراہ نبات بمقدار مناسب دیا جاوے۔

۵۔ آلو بخارا اور منقہ منہ میں رکھوایا جاتا ہے۔

غشی اور بیہوشی کی دوا اور اکا عمل

۱ - اسپرٹ امونیا ½ ڈرام — سلفیورک ایتھر ½ ڈرام — ٹنکچر کارڈیمم ½ ڈرام — پانی تازہ صاف ایک اونس — اسکا استعمال کرانا نہایت عمدہ اور سریع التاثیر ہے -

۲ - ورق نقرہ - ورق طلا - ہمراہ گلقند آفتابی - یا مربہ پیٹھہ - یا مربہ بہی یا مربہ سیب - یا مربہ آنولہ - ملا کر دینے سے غشی اور بیہوشی رفع ہوتی ہے -

۳ - بیضہ مرغ کی زردی نکالکر اوس مین نصف چھٹانک برانڈی شراب اور دو تولہ نبات اور ایک چھٹانک پانی ملا کر یہہ عرق دو تین دفعہ دینے سے آرام ہوتا ہے - مریض کو قوت ہوتی ہے -

۴ - اسپرٹ کلوروفارم ½ ڈرام — اسپرٹ امونیا ارومائٹک ۲۰ بوند — ٹنکچر جنجر ۲۰ بوند — پانی تازہ صاف ایک اونس — پاؤ گہنٹہ کے بعد دو یا تین دفعہ پلاوین -

تشنج بدن کے دوا اور اکا عمل

۱ - بالچھڑ اور زنگ ولیرین کا استعمال کراوین - یا کیمفر ½ گرین - اوپیم ½ گرین - انکی ایک گولی بناوین رات کو سوتے وقت دین - پنڈلیون اور رانون پر مسٹرڈ پلاسٹر لگاوین - اور مختلف قسم کے روغنون کی مالش کراوین - چنانچہ لینمنٹ اوپیمر - لینمنٹ سوپ - لینمنٹ جی نی پر - جنجر - جائفل کا سفوف تلی کے تیل مین ملا کر مالش کرنے سے تشنج رفع ہوتا ہے - لینمنٹ کلوروفارم بھی مفید پڑتا ہے +

پیشاب کا بند ہونا

۱ - خیساندہ کباب چینی کو نائیٹرک پوٹاس یا بائی کاربونیٹ پوٹاس کے ساتھہ ملا کر پلانے سے بھی پیشاب کھل جاتا ہے -

۲ - پوٹاسی کاربوناس ½ ڈرام — اسپرٹ ایتھر نائٹرک ½ ڈرام — اسپرٹ جونیپر ۱۰ بوند

پانی تازہ صاف گھنٹہ گھنٹہ کے بعد دیتے رہین ۔
ایک اونس

۳ ۔ کباب چینی اور شورہ کا سفوف بمقدار تین سرخ دینا تین دفعہ دینے سے پیشاب کا ادرار ہو جاتا ہے ۔

۴ ۔ مثانہ کے مقام پر کیسو کی ٹکور اور گردون پر اسی کی پولٹس باندہنے سے فائدہ معلوم ہوتا ہے ۔

۵ ۔ چاول سنگترہ کا چہلکا اس کو پانی مین جوش دیکر ایک بوتل مین
۲ چہٹانک ایک چہٹانک
بہر لین پہر اوسمین سفید چینی ملاکر متواتر تین یا چار دفعہ پلایا جاوے ۔
اگر ان ترکیبون سے بہی کامیابی نہ ہو تو بہر لاچار کیتھیٹر کو پاس کرنے سے پیشاب کہولدین ٭

چیچک

یہہ ایک ایسی متعدی بیماری ہے کہ اِس سے ہزارون معصوم بچون کی جانین ضایع اور تلف ہوتی ہین - اور قریباً کل آدمیون بلکہ عمر رسیدہ عورتون تک روشن ہے کہ اِس موذی مرض کا اثر یا زہر ہوا کے ذریعہ چالیس چالیس گز تک تندرست بچون پر اثر کر سکتا ہے - یہی باعث ہے کہ اہل ہنود چیچک مین مبتلا شدہ بچہ کو نہایت احتیاط کے ساتہہ بالکل علیحدہ رکھتے ہین - اور کسی بچہ کو اوسکے نزدیک نہین آنے دیتے - علاوہ نقصان جان کے یہہ بہی عیان اور ظاہر ہے کہ سینکڑون اندہے ہو جاتے ہین - کئی لڑکون کے جوڑ مارے جاتے ہین چہرہ کی بدصورتی کا تو کوئی اندازہ ہی نہین - حالات متذکرہ بالا پر بغور خیال کرنے سے بہت واجبی اور مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ویکسی نیشن یعنے ٹیکا باقاعدہ مروجہ انگریزی بچہ کو کرایا جاوے - کیونکہ اگر انگریزی ٹیکا ٹہیک طور پر عمر بہر مین تین چار دفعہ لگایا جاوے گا تو اغلب ہے کہ وہ اِنسان اِس موذی مرض کے پنجۂ جانکاہ سے محفوظ رہیگا -

احتیاط جو ٹیکا لگانے کے وقت ضروری چاہیے

۱ - عموماً ٹیکا بازو کے باہر کی طرف لگوایا جاوے -

۲ - ٹیکا لگوانے کے وقت طفل کی صحت بدنی عمدہ ہونی چاہیے - بخار اسہال - ہیچکیں وغیرہ بیماری مین مبتلا نہ ہو -

۳ - بچہ کی عمر ٹیکا لگانے کے وقت تین ماہ سے کم نہ ہونی چاہیے - الا اگر چیچک وبائی طور پر پہیلی ہوئی معلوم ہو تو ایسی حالت مین ایک ہفتہ کے بچے کو بہی لگوا سکتے ہین - بلکہ اگر بچہ شکم مین ہو - اور اوسکی والدہ کو چیچک نہ نکلی ہو تو مناسب ہے کہ بیماری کے روکنے کے لئے ضرور اوسکی مان کو ٹیکا لگوایا جاوے -

۴ - ٹیکا لگوانے وقت بچہ کے بازو کو کُرتہ کی آستین سے باہر نکالنا چاہیے - اگر آستین کہلی ہون تو دونون طرف کی آستینون کو کندہون کے پیچہلے طرف دہاگے سے باندہ دین - تاکہ عمل ٹیکا خراب نہ ہو جاوے - کیونکہ کپڑنے کی رگڑ یا

یا ساتھہ لگنے سے لاگ یعنے مواد پونچھا جاویگا - اور دانے عمدہ نہین نکلینگے یا ناکامیابی ظہور مین آویگی - ٹیکا لگنے کے بعد بچہ کے بازو کو پکڑ کر دو تین منٹ تک ایسے طریق سے رکھین کہ وہ خفیف سا قطرہ خون کا جو نشتر کے لگنے سے بر آمد ہوا ہے اُس جگہ خشک ہو جاوے - مکھی بھی وہان بیٹھنے نہ پاوے -

اقسام ٹیکا

انگریزی مین ٹیکے مین چیچک کے روکنے کی دو قسم کی لاگ مستعمل ہوتی ہے - اگر لاگ گھوڑے بھینس وغیرہ جانوروں کے دانون سے لیکر انسان کے بدن مین لگائی جاوے تو اوسکو اینیمل ویکسی نیشن کہتے ہین - اسکا رواج انگریزی حکمت مین صرف اٹھارہ یا بیس سال سے ہوا ہے - اگر گھوڑے بھینس وغیرہ سے لاگ یعنے مواد ایک بچہ کو لگائی ہے - اور اس بچہ کے دانون سے لاگ لیکر دوسرے بچون کو لگاوین - تو اس دستکاری کو ھیومین ویکسی نیشن کہتے ہین -

اگر ایک بچہ کو دوسرے بچہ سے لاگ لگانی ہو تو مناسب ہے کہ لاگ دینے والا بچہ اور وہ بچہ جسکو اس لاگ سے ٹیکا لگایا جاتا ہے ایک ہی جگہ پر موجود ہون - تاکہ اوسیوقت ایک بچہ کے دانے سے نشتر پر لاگ لیکر دوسرے بچہ کو ٹیکا لگایا جاوے - اس طریق کو آرم ٹو آرم ھیومین ویکسی نیشن یعنے بازو بباز و لاگ انسانی بولتے ہین -

بازو بباز و ٹیکا لگانا ہو تو لاگ دینے والے بچہ مین قرار ذیل خاصیتین ہونی چاہئین -

۱ - بچہ کو موٹا تازہ اور صحت ور ہونا چاہئے -

۲ - اوسکی عمر دو ماہ سے کم نہ ہو -

۳ - لاگ دینے والے بچہ کے والدین کو خنازیر - گنٹھیا - سل وغیرہ کی بیماری نہ ہو - کیونکہ لاگ کے ذریعہ بیماریان تندرست بچہ کو ہو سکتی ہین -

۴ - لاگ دینے والے بچہ کے والدین کمزور اور دُبلے نہ ہونے چاہئین -

۵ - لاگ دینے والے بچہ پر آتشک کی کوئی علامت یا اوسکے والدین پر آتشک کی علامت موجود نہ ہو - یا کسی زمانہ مین اوسکے والدین کو آتشک

نہ ہوچکا ہو۔

۶ ۔ جس بچہ کے بازو سے لاگ لیکر ٹیکا لگایا جاتا ہے ۔ اس کو آتشک والے بچے یا ایسے بچہ کے بازو سے کہ جسکے والدین پر آتشک کا اشتباہ ہو ۔ ٹیکا نہ کیا گیا ہو۔

۷ ۔ لاگ دینے والا بچہ اسہال ۔ پیچش ۔ بخار ۔ جلدی امراض یا امراض چشمان یا کسی دیگر متعدی بیماری میں مبتلا نہ ہو۔

۸ ۔ لاگ لیتے وقت بچہ کے دانے سے خون مطلقاً نہ نکلنا چاہئے ۔ ورنہ لاگ خون آمیز ہو جاویگی ۔

۹ ۔ لاگ ہمیشہ بچہ سے لینی چاہئے ۔ جوان انسان یا دوبارہ ٹیکا شدہ بچہ کی لاگ اچھی نہیں ہوتی ۔

ٹیکا لگانے کا طریق اور احتیاط

۱ ۔ اگر مویشی کی لاگ سے ٹیکا لگانا ہو تو اول مویشی کو نرم جگہ پر جہاں گھاس یا پرالی بچھی ہو ڈال کر احتیاط کے ساتھہ لاگ والی جگہ کو نرم کپڑے اور پانی سے دھو ڈالیں ۔ اور بعد ملاحظہ کے جو دانہ خوب ابھرا ہوا اشفاف معلوم ہو اوسکے پہلو کو نشتر سے چند جگہ چہیدیں ۔ نشتر لگاتے وقت اس امر کا لحاظ رکہیں کہ خون نہ نکل آوے ۔ جس جگہ نشتر لگایا گیا ہے اوسکے پہلو کے برابر دبانے سے لمف (لاگ) اکٹھی کر کے بچہ کے بازو پر حسب ہدایت ٹیکا لگادیں ۔

۲ ۔ اور اگر بچہ کی لاگ دوسرے کو لگانی ہے تو بموجب ہدایت سابقہ لاگ دینے والے بچہ کو بعد غور پسند کر کے دانہ کو پہلو کے برابر نشتر سے دو تین جگہوں پر چہیڑ دیں ۔ نشتر گہری نہ ہو جاوے ۔ ورنہ خون ساتھہ ہی نکل آویگا اور لاگ خراب ہو جاویگی ۔ بچہ کے دانون کو چہیڑنے کے بعد مویشیوں کے دانون کی طرح دبانا نہیں چاہئے ۔ کیونکہ بچہ کے دانے چہیڑنے کے بعد بچوں کی لاگ شبنم کی طرح چہیڑی ہوئی جگہ پر اکٹھی ہو جاتی ہے ۔ ان شبنم کی بوندون کی سی لاگ کو آہستہ سے سوئی یا نشتر پر لیکر دوسرے بچہ پر

لگاتے ہین ۔ جب سب کچھہ تیار ہو جاوے تو پہر مناسب ہے کہ جس بچہ کو ٹیکا لگانا ہے اوسکے بازو کو اگر ممکن ہو تو قبل از ٹیکا لگانے کے تہوڑی سی کوشش یا کرو نرو لوشن یا خالی پانی کے ساتھہ دہلوالین تاکہ بازو پر سے ہر ایک قسم کی میل غلاظت وغیرہ اُتر جاوے ۔

۳ ۔ اپنے اوزارون کو خوب صاف ستہرا رکہین ۔

۴ ۔ ٹیکا لگاتے وقت کسی برتن مین صاف پانی موجود ہونا چاہیئے ۔

۵ ۔ ایک بچہ کو ٹیکا لگاکر دوسرے بچہ کو ٹیکا لگانے سے اول نشتر کو دہو کر صاف کر لینا چاہیئے ۔

۶ ۔ دانہ جس سے لاگ لینی ہے ساتوین دن کا ہونا چاہیئے ۔ نہایت ضرورت کے وقت چہٹے دن کے دانہ کی لاگ بہی لے سکتے ہین ۔ الا چہہ دن سے کم میعاد والے دانہ کو لاگ کے واسطے ہرگز چہیڑنا نہ چاہیئے ۔ لاگ لینے کا سب سے عمدہ وقت ساتوین دن کی شام یا آٹہوین دن کی صبح ہے ۔

۷ ۔ دانہ چہیڑنے کے وقت اوس بازو کو جس سے دانہ چہیڑنا ہے بائین ہاتہہ کے ساتھہ ایسے طریق سے پکڑین کہ ہاتہہ بازو کے نیچے ۔ اونگلیان ایک طرف اور انگوٹہا دوسری طرف اِس طور پر رکہین کہ دانون والی جگہ قدرے تن جاوے ۔ دانہ کے چہیڑنے کے بعد بازو کو بالکل ڈہیلا چہوڑ دین ۔

۸ ۔ لاگ کو شفاف اور بے رنگ ہونا چاہیئے ۔ یہہ امر ملحوظ خاطر رکہین کہ لاگ مین پیپ یا خون کی آمیزش نہ ہو ۔

۹ ۔ ایک دانہ سے زیادہ سے زیادہ تین بچون کو اور ایک لڑکے جس کے چہہ دانے تیار ہون بارہ سے سولہ بچون کو ٹیکا لگا سکتے ہین ۔ مگر لاگ دینے والے بچہ کے تین دانون کو ہرگز نہین چہیڑنا چاہیئے ۔ ورنہ خلاف کرنے سے لاگ دینے والے بچہ پر لاگ کا اثر جاتا رہیگا ۔ اور لاگ بہی کمزور ہونیکے باعث ٹیکے کا فائدہ بہی عمدہ نہ نکلیگا ۔

۱۰ ۔ اگر لاگ دوسرے شیشے کی نلکی مین آئی ہے اور اِس سے ٹیکا لگانا ہے تو اپنی نشتر کو صاف کر کے لاگ والی نلکی کے دونون سرون کو توڑ دین اور نلکی کا

ایک سرا نشتر پر رکھین اور دوسرے کو منہہ سے پھونکین - تاکہ ہوا کے زور سے لاگ نلکی کے اندر سے نکلکر نشتر پر آجاوے -

۱۱ - اگر لاگ شیشی مین سے لینی ہے تو پہلے شیشی کے دونون ٹکڑون کو جن مین لاگ بند ہے چاقو کے ذریعہ علیحدہ کرین - اور پھر ایک شیشی پر صاف پانی یا گلیسرین کا قطرہ ڈالکر دونون شیشون کے اون پہلوؤن کو جو پہلے آپسمین ملے ہوے تھے قدرے رگڑین یا شیشہ پر پانی ڈالکر خشک شدہ لاگ کو نشتر کے پہلو کے ذریعہ حل کر کے نشتر پر چڑھا دین - اِس بات کا خیال رکھین کہ پانی یا گلیسرین ایک قطرہ سے زیادہ نہ ہو - ورنہ پتلی پڑ جاویگی - شیشہ پر لمف کو نرم کرنے کی غرض سے مُنہہ کی بھانپ ہرگز نہین دینی چاہئے -

اب اِس حل شدہ لاگ سے جو نشتر کی نوک پر چڑھی ہے ٹیکا لگادین -

۱۲ - جس بچہ کو ٹیکا لگادین اوسکو ٹیکا لگانے وقت اگر سویا ہے تو بیدار نہ کرین اگر جاگتا ہے اور ماں کی گود ہی مین ہے تو اوسکی ماں کو کہدین کہ دُودہ پلادے تاکہ بچہ دودہ پینے مین مشغول رہے - اور نہ ڈرے - حسبِ ہدایت سابقہ ہر دو بازوؤن سے آستین اُتار دین -

۱۳ - نہایت خندہ پیشانی سے ہنستے ہنستے بائین ہاتہہ سے اِسکے بازو کو جسپر کہ ٹیکا لگانا ہے اندر کی طرف سے بائین ہاتہہ سے اِس طرح پکڑین کہ بازو کے باہر والی جلد اچھی طرح تن جاوے - دہنے ہاتہہ مین نشتر پکڑین - نشتر کے پہل کو قلم کے پچھلے سرے کی طرح انگوٹھے اور پہلی اونگلی کے درمیان سے پیچھے کی طرف نکلا رہنا چاہئے - اور نشتر کو انگوٹھے اور پہلی اونگلی کے سہارے سے پکڑ کر ترچھے طور پر بازو کے باہر والی جلد مین ڈلٹائیڈ امپریشن کے نزدیک چبہو دین - یہہ خیال رکھین کہ نشتر چبہوتے وقت بہت گہری نہ چلی جاوے ورنہ خون نکل آویگا - اور لاگ خون کے ذریعہ بہ جاویگی - نشتر داخل کرتے وقت نوک نیچے کی طرف رکھنی چاہئے - اور نشتر نکالتے وقت بائین ہاتہہ سے نشتر کے اوپر والی جلد کو قدرے دبا دین - تاکہ نشتر کی کل لاگ جلد کے نیچے رہ جاوے -

ایک ایک انچہ کے فاصلہ پر تین جگہ ایک بازو پہ اور تین جگہ دوسرے بازو پر ٹیکا لگانا چاہیئے - اگر نشتر پر ایک ہی دفعہ اچھی طرح لاگ چڑھ گئی ہے تو وہ دو تین دانوں کے لئے کافی ہوگی - اسلئے اسکو بار بار بھگونا نہین چاہئے -

(تنبیہ) ٹیکا لگانے والے کو بڑا اخلیق ہونا چاہیے جس جگہ جاوے لوگوں سے با اخلاق اور خندہ پیشانی پیش آوے - جو لوگ کہ برخلاف دیکھے اونکو بھی اپنی شیرین کلامی سے فوایداسکے عمدگی سے ظاہر کر کے راغب کرے -

ٹیکے کے درست لگنے کے علامات

پہلے اور دوسرے دن کوئی علامت ظاہر نہین ہوتی - بچہ کے بازو اور طبیعت مین کچھہ فرق نہین آتا تیسرے دن وہ جگہ جہان ٹیکا لگایا گیا تھا قدرے سرخ اور اوبھری ہوئی ہوگی - چوتھے دن اِس اوبھری ہوئی جگہ پر ایک خفیف سا سرخ دانہ نظر آتا ہے - پانچوین دن وہ دانہ جسامت مین بڑھ جاتا ہے - لیکن تاوقتیکہ طبیب کو معلوم ہو اوس دن بھی بتا نہین سکتا کہ آیا دانہ ٹیکے کا ہے یا کسی دیگر باعث سے ہے - چھٹے دن یہہ دانہ اور بھی بڑھیگا - رنگت مین پھیکا مایل بہ نیلگون ہوتی ہے گھونگے کی طرح کنارے اوبھرے ہوئے - چوٹی دبی ہوئی یعنے نشیب دار گویا اِس کی شکل ٹھیک چیچک کے دانہ جیسی ہوگی - اِس دن ٹھیک طور کہہ سکتے ہین کہ یہہ دانہ ٹیکے کا ہے - اِس دانہ کے گرد ایک چھوٹا سا سرخ رنگ کا دایرہ نظر آویگا - ساتوین دن یہہ دانہ تکمیل کو پہونچیگا - اور رنگت مین دھندلا ہو جاویگا - آٹھوین دن یہہ دانہ رنگت مین اور بھی دھندلا ہو جاتا ہے - اور اِس شام کو اسمین زردسی پیپ پڑنی شروع ہوتی ہے - نوین اور دسوین دن پیپ بڑھتی ہے - اور اسیطرح دایرہ رنگت مین ارغوانی ہوتا جاتا ہے - دبانے پر معدوم نہین ہوتا - دانے کے نزدیک والے حصو مین بھی اجتماع خون پایا جاتا ہے - اور اسکی رنگت بھوری ہو جاتی ہے - ارغوانی دایرہ جسامت مین کم اور رنگت مین پھیکا یا زرد ہونے لگتا ہے - آخر کار بارہوین یا تیرہوین دن مرجھانے لگتا ہے - مواد بالکل خشک ہو کر ٹیکے کی جگہ پر سیاہ رنگ کا سخت چھلکا بن جاتا ہے - اور یہہ چھلکا بیس ۲۰ سے پچیس ۲۵ دن تک

خود بخود گر جاتا ہے - اسکے چھلکے کے گرنے کے بعد اس جگہ ایک گول سا نشیب
نمودار ہوتا ہے - جو رنگت میں سفید یا پھیکا ہوتا ہے - بغور دیکھنے سے اس نشیب
میں بیشمار چھوٹے چھوٹے نقطے نظر آتے ہیں -

اگر چھالا ٹیکا لگانے کے بعد مذکورۂ بالا میعاد مقررہ کے پہلے یا بعد واقع ہو - اور
جسامت میں بہت بڑھ جاوے - درمیان سے دبا ہوا نہ ہو اور چھلکے کے گرنے
کے بعد اس اندمال شدہ زخم کی جگہ چوتھائی انچ سے کم یا نصف انچ سے زیادہ ہو
تو یہہ نتیجہ نکالنا چاہیئے کہ ٹیکا درست نہیں لگا - اور ٹیکے کی پھر لگانے کی ضرورت
ہے - ایسی حالت میں مناسب ہے کہ پہلے زخم کے اندمال ہونیکے چند دن بعد
ٹیکا عمدہ لاگ سے دوبارہ لگا دیں +

عام علامات

پہلے دو چار دن بچہ کو ٹیکے کی جگہ پر خراش سی معلوم ہوتی ہے - لیکن ٹیکا لگانے
سے پانچویں یا چھٹے دن بچہ کو خفیف سا بخار ہو جاتا ہے - اور یہہ بخار تین چار دن
تک رہتا ہے - نبض تیز ہو جاتی ہے - پہلے دن سے گیارہویں دن تک بچہ کی طبیعت
گری رہتی ہے - اور بچہ سست سا معلوم ہوتا ہے - بعض اوقات اوسے اسہال
جاری ہو جاتے ہیں - کبھی کبھی (لیکن بہت کم) تمام جسم پر سرخ سے دانے نکل
آتے ہیں - گیارہویں دن کے بعد بچہ کی طبیعت درست ہونے لگتی ہے -
اگر بچہ کمزور ہے - یا لاگ درست نہیں یا ٹیکا لگانے والی نشتر میلی ہے - تو ٹیکا
لگانے سے مفصل ذیل قباحتیں ظہور میں آسکتی ہیں -

۱ - بچہ کے بدن پر سرخ دانے نکل آتے ہیں -
۲ - کبھی بغل کی گلٹیاں بھی بڑھ جاتی ہیں - کبھی ڈھیل بغل یعنے کچھرالی بھی ہو جاتی ہے
۳ - ٹیکا لگانے والی لاگ اگر خراب ہو - یا نشتر میلا ہو - تو ٹیکے کی جگہ پہ
ایک بدصورت سا زخم ہو جاویگا -
۴ - اگر نشتر خراب ہوگا تو بچہ کو سرخ بادہ یعنے اری سی پے لس
ہو سکتا ہے -
۵ - اگر لاگ دینے والے بچے میں آتشک کے مادے کا خمیر ہوگا - تو اوس

بچہ کو بھی جس کو اس لاگ سے ٹیکا لگایا گیا ہے - آتشک ہو جاویگی -

ٹیکے کے بعد بچے کی احتیاط اور معمولی طریق علاج

اوس بازو کو جس پر ٹیکا لگایا گیا ہے - خراش وغیرہ سے بچائے رکھین -
کرتے و کوٹ وغیرہ کی آستینون کو خوب کشادہ ہونا چاہیئے - یا بغیر آستین کے
کرتا پہناوین - یا آستینون کو دھاگہ کے ذریعہ کندھے کے برابر باندھ چھوڑین تاکہ
اسکے باعث زخم پر خراش نہ ہو - زخم پہ دھنی ہوئی روئی کی پتلی سی گدی دیکر
باریک ململ کی پٹی ڈھیلی سی باندھ چھوڑین - تاکہ اس جگہ کی حرارت یکسان رہے -
اور روئی اس کو بیرونی سردی گرمی سے محفوظ رکھے - چونکہ بچہ کھجلی کے باعث
جو عموماً زخمون پر ہوتی ہے زخمون کو کھجلانا چاہتا ہے - اس بات کی احتیاط رکھین
کہ وہ کھجلانے نہ پاوے - بچہ کو گھر سے باہر ہوا وغیرہ مین نہ بھیجائین - اگر خراش
وغیرہ زیادہ ہو - یا وہ جگہ بہت سرخ ہو جاوے یا بخار کی شدت سے بچہ بے چین
ہو جاوے - تو ٹیکا والی جگہ پر عمدہ صاف ململ کو خالی پانی مین بھگو کر رکھین -
یا اوس جگہ بالائی لگاوین - اگر شدت بخار کے باعث قبض ہو تو بچے کو دو رتی
چینی گرگریز پوڈر یا چند قطرات کسٹر آئیل (روغن بید انجیر) دیوین -
خشک چھلکون کے گرنے سے پہلے اگر کھجلی زیادہ ہو تو جلا ہوا گھی سرد کر کے یا
کاربالک آئیل یا بورے سک آئیل لگانا چاہیئے - اگر زخم مین کسی بے
احتیاطی کے باعث ورم ہو جاوے تو حکیم کا مشورہ لینا مفید اور ضروری ہے -

ری ویکسی نیشن یعنے دوبارہ ٹیکا لگانا

جسکو ایک دفعہ ٹیکا لگانے سے کارگر نہ ہو یا پہلا ٹیکا لگے کو کچھ سال ہو گئے ہون
تو ایسے شخص کو دوسری دفعہ ٹیکا لگانا چاہیئے - بعض حکماء کی راے ہے کہ کچھ کو
ہر ایک پانچ یا سات سال کے بعد ٹیکا لگاوین - اور اس زندگی بھر مین کم سے
کم تین دفعہ ٹیکا لگاوین - تاکہ چیچک کا بالکل خوف ہی نہ رہے -
دوسری دفعہ ٹیکا لگانے پر پہلی دفعہ کی نسبت قدرے جلن ہوتی ہے - اور اگر
پہلی دفعہ ٹیکا اچھا لگا ہو تو دوسری دفعہ دانہ وغیرہ نہین بنتا - اور اگر دانہ بنا
بھی تو بہت چھوٹا سا رہیگا - اور دانہ پیپ پڑنے کے باعث نوین دن یا دسوین دن

کی بجائے چھٹے دن بھی دھندلا پڑ جاویگا +

اینی مل ویکسی نےنشن یعنے مواد حیوانی کا ٹیکا

۱ - کئی لوگ ٹیکے کے فوائد سے بخوبی واقف ہو گئے ہین لیکن خواہ امیر خواہ غریب اپنے بچہ کی لاگ دوسرے بچہ پر ٹیکا لگانے کے لئے اس لحاظ سے کہ لاگ دینے والے بچے کو دیتے وقت لاحاصل تکلیف ہوتی ہے - لاگ دینا پسند نہین کرتے -

۲ - ایک بچہ کی لاگ سے زیادہ سے زیادہ بارہ یا سولہ لڑکون کو ٹیکا لگ سکتا ہے اور حیوانی لاگ سے سینکڑون کو باسانی ٹیکا لگا سکتے ہین -

۳ - کئی دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ غلطی سے ٹیکے کے باعث لاگ کے ذریعہ سے گناہ بچے اور اونکے والدین امراض آتشک ٹیوبر کیولوسس اور اری سپلس وغیرہ مین مبتلا ہو جاتے ہین -

۴ - بعض حکما کی یہہ بھی رائے ہے کہ بموجب ویکسی نیشن کے لاگ پے در پے بچون کے جسمون مین سے گذرنے کے بعد کمزور ہو جاتی ہے - اور مویشی کی لاگ ہے موثر نہین رہتی - اسلئے ان تمام نقصون کی دور کرنے کی غرض سے اٹھارہ یا بئیس سال کے عرصہ سے اینی مل ویکسی نیشن کا رواج ہوا ہے +

اینی مل ویکسی نیشن یعنے مویشے کو ٹیکا لگانیکا طریق

۱ - جس مویشی کو ٹیکا لگانا منظور ہے - اوسکی عمر چار ہفتہ سے کم اور چھہ مہینے سے زیادہ نہ ہونی چاہئے - اگر ممکن ہو تو اڑہائی مہینون کی کٹی یعنے (بچہ گاؤمیش) کی تلاش کرین کیونکہ چھوٹی عمر والے جانور ٹھیک طور قابو آسکتے ہین -

۲ - اونکی جلد کے نرم ہونے کے باعث عمدہ دانے نکلتے ہین - اور لمف بھی شفاف اور بکثرت پیدا ہوتی ہے - اور جانور خواہ نر ہو خواہ مادہ اوسکا کچھہ مضائقہ نہین - لیکن معلوم رہے کہ بعض حکما نر جانورون کی نسبت مادہ جانورونکو زیادہ پسند کرتے ہین - صرف اس لحاظ سے کہ لاگ جمانی والی جگہ پر نر جانور کے پیشاب وغیرہ کی چھینٹون سے دانہ خراب ہو جانیکا خطرہ ہوتا ہے -

۳ - جس جانور پر لاگ جمانی ہو اوسکی صحت بدنی عمدہ ہونی چاہئے - اور

اوسکو اسہال وغیرہ کسی قسم کی بیماری نہ ہو - اوسکی ناف یا جسم کے کسی حصہ پر
ورم نہ ہو - لیکن معلوم رہے کہ جسوقت لاگ جمائی جاتی ہے - اور دانے پکنے
شروع ہوتے ہین اون دنون مین جانور کو خفیف سے اسہال جاری ہو جاتے ہین
اون کا چندان ڈر نہین مگر مویشی کی تہنون سے کسی قسم کی رطوبت جاری نہ ہونی
چاہیئے - ان جانورون کے خدمتگارون کو اون کی عادت سے بخوبی واقف
ہونا چاہیئے - اونکا فرش اصطبل مین صفا - اور ہوادار جگہ ہونا چاہیئے -

۴ - لاگ جمانے کے بعد جانور کو دودہ - سبز گہاس - بہوسہ - اور جو کا اردا وہ
دینا چاہیئے -

۵ - جانور کو گدگدی زمین پر جہان پرالی بچہائی گئی ہو لٹاکر جانور کی دم پاؤن
